لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ

لَا يُحِبُّ	اللّٰهُ	الْجَهْرَ	بِالسُّوْٓءِ	مِنَ الْقَوْلِ	اِلَّا	مَنْ	ظُلِمَ
پسند نہیں کرتا	اللہ	ظاہر کرنا	بُری	بات	مگر	جو ۔ جس	ظلم ہوا ہو

اللہ (کسی کی) بُری بات کا ظاہر کرنا پسند نہیں کرتا، مگر جس پر ظلم ہوا ہو

وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿١٤٨﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا

وَكَانَ	اللّٰهُ	سَمِيْعًا	عَلِيْمًا	اِنْ تُبْدُوْا	خَيْرًا	اَوْ تُخْفُوْهُ	اَوْ تَعْفُوْا
اور ہے	اللہ	سُننے والا	جاننے والا	اگر تم کھُلم کھُلا کرو	کوئی بھلائی	یا اسے چھپاؤ	یا معاف کردو

اور اللہ سُننے والا جاننے والا ہے۔ اگر تم کوئی بھلائی کھُلم کھُلّا کرو، یا اسے چھپاؤ یا معاف کردو

عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿١٤٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ

عَنْ	سُوْٓءٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	عَفُوًّا	قَدِيْرًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْفُرُوْنَ
سے	بُرائی	تو بیشک	اللہ	ہے	معاف کرنیوالا	قدرت والا	بیشک	جو لوگ	انکار کرتے ہیں

کوئی بُرائی تو بیشک اللہ معاف کرنے والا، قدرت والا ہے۔ بے شک جو لوگ انکار کرتے ہیں

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ

بِاللّٰهِ	وَ	رُسُلِهٖ	وَيُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يُّفَرِّقُوْا	بَيْنَ	اللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ	وَيَقُوْلُوْنَ
اللہ کا	اور	اس کے رسولوں	اور چاہتے ہیں	کہ	فرق نکالیں	درمیان	اللہ	اور اسکے رسول	اور کہتے ہیں

اللہ کا، اور اس کے رسولوں کا، اور چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان فرق نکالیں اور کہتے ہیں

نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ

نُؤْمِنُ	بِبَعْضٍ	وَنَكْفُرُ	بِبَعْضٍ	وَ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يَّتَّخِذُوْا	بَيْنَ ذٰلِكَ
ہم مانتے ہیں	بعض کو	اور نہیں مانتے	بعض کو	اور	وہ چاہتے ہیں	کہ	پکڑیں (نکالیں)	اس کے درمیان

کہ ہم بعض کو مانتے ہیں، اور بعض کو نہیں مانتے، اور وہ چاہتے ہیں کہ اس کے درمیان نکالیں

سَبِيْلًا ﴿١٥٠﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٥١﴾

سَبِيْلًا	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْكٰفِرُوْنَ	حَقًّا	وَاَعْتَدْنَا	لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابًا	مُّهِيْنًا
ایک راہ	یہی لوگ	وہ	کافر (جمع)	اصل	اور ہم نے تیار کیا ہے	کافروں کے لئے	عذاب	ذِلّت کا

ایک راہ۔ یہی لوگ اصل کافر ہیں، اور ہم نے کافروں کے لئے ذلّت کا عذاب تیار کر رکھا ہے

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ لَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ

وَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ	وَلَمْ يُفَرِّقُوْا	بَيْنَ	اَحَدٍ	مِّنْهُمْ
اور	جو لوگ ایمان لائے	اللہ پر	اور اس کے رسولوں پر	اور فرق نہیں کرتے	درمیان	کسی کے	ان میں سے

اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے اور اُن میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے

٢١ ع ١١ ١

اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾

اُولٰٓئِكَ	سَوْفَ	يُؤْتِيْهِمْ	اُجُوْرَهُمْ	وَ كَانَ	اللّٰهُ	غَفُوْرًا	رَّحِيْمًا
یہی لوگ	عنقریب	انہیں دے گا	ان کے اجر	اور ہے	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان

یہی وہ لوگ ہیں عنقریب انہیں (اللہ) اُن کے اجر دے گا، اور اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔

يَسْئَلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا

يَسْئَلُكَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ	اَنْ	تُنَزِّلَ	عَلَيْهِمْ	كِتٰبًا	مِّنَ	السَّمَآءِ	فَقَدْ سَاَلُوْا
آپؐ سے سوال کرتے ہیں	اہل کتاب	کہ	اُتار لائے	ان پر	کتاب	سے	آسمان	سو وہ سوال کر چکے ہیں

اہل کتاب آپؐ سے سوال کرتے ہیں کہ ان پر آسمان سے کتاب اتار لائیں، سو وہ سوال کر چکے ہیں

مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ

مُوْسٰى	اَكْبَرَ	مِنْ ذٰلِكَ	فَقَالُوْٓا	اَرِنَا	اللّٰهَ	جَهْرَةً	فَاَخَذَتْهُمُ	الصّٰعِقَةُ
موسیٰؑ	بڑا	اس سے	انہوں نے کہا	ہمیں دکھائے	اللہ	علانیہ	سو انہیں آپکڑا	بجلی

موسیٰؑ سے اس سے بھی بڑا، انہوں نے کہا ہمیں اللہ کو علانیہ (کھلم کھلا) دکھا دے، سو اُنہیں بجلی نے آپکڑا

بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ

بِظُلْمِهِمْ	ثُمَّ	اتَّخَذُوا	الْعِجْلَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا	جَآءَتْهُمُ	الْبَيِّنٰتُ
ان کے ظلم کے باعث	پھر	اُنہوں نے بنا لیا	بچھڑا (گوسالہ)	اس کے بعد	کہ	ان کے پاس آئیں	نشانیاں

ان کے ظلم کے باعث، پھر انہوں نے گوسالہ کو (معبود) بنا لیا اس کے بعد کہ اُن کے پاس نشانیاں آ گئیں

فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَ اٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَ رَفَعْنَا فَوْقَهُمُ

فَعَفَوْنَا	عَنْ ذٰلِكَ	وَاٰتَيْنَا	مُوْسٰى	سُلْطٰنًا	مُّبِيْنًا	وَرَفَعْنَا	فَوْقَهُمُ
سو ہم نے درگزر کیا	اس سے (اس کو)	اور ہم نے دیا	موسیٰؑ	غلبہ	ظاہر (صریح)	اور ہم نے بلند کیا	ان کے اوپر

سو ہم نے اس سے درگزر کیا، اور ہم نے موسیٰؑ کو صریح غلبہ دیا، اور ہم نے اُن کے اوپر بلند کیا

الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ

الطُّوْرَ	بِمِيْثَاقِهِمْ	وَقُلْنَا	لَهُمُ	ادْخُلُوا	الْبَابَ	سُجَّدًا	وَّقُلْنَا	لَهُمْ
طور	ان سے عہد لینے کی غرض سے	اور ہم نے کہا	ان کیلئے (ان سے)	تم داخل ہو	دروازہ	سجدہ کرتے	اور ہم نے کہا	ان سے

"طور" پہاڑ ان سے عہد لینے کی غرض سے، اور ہم نے ان سے کہا دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو، اور ہم نے ان سے کہا

لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿١٥٤﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ

لَا تَعْدُوْا	فِي	السَّبْتِ	وَاَخَذْنَا	مِنْهُمْ	مِّيْثَاقًا	غَلِيْظًا	فَبِمَا	نَقْضِهِمْ
نہ زیادتی کرو	میں	ہفتہ کا دن	اور ہم نے لیا	ان سے	عہد	مضبوط	بسبب	ان کا توڑنا

ہفتہ کے دن میں زیادتی نہ کرو، اور ہم نے ان سے مضبوط عہد لیا۔ (ان کو سزا ملی) بسبب ان کے عہد و پیمان

مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ

مِيْثَاقَهُمْ	وَكُفْرِهِمْ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَقَتْلِهِمُ	الْاَنْۢبِيَآءَ	بِغَيْرِ حَقٍّ	وَقَوْلِهِمْ
اپنا عہد و پیمان	اور ان کا انکار کرنا	اللہ کی آیات	اور ان کا قتل کرنا	نبیوں (جمع)	ناحق	اور ان کا کہنا

توڑنے، اور ان کے اللہ کی آیتوں کا انکار کرنے، اور ان کے نبیوں کو ناحق قتل کرنے، اور ان کے یہ کہنے (کے سبب)

قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿١٥٥﴾

قُلُوْبُنَا	غُلْفٌ	بَلْ	طَبَعَ اللّٰهُ	عَلَيْهَا	بِكُفْرِهِمْ	فَلَا يُؤْمِنُوْنَ	اِلَّا	قَلِيْلًا
ہمارے دل (جمع)	پردہ میں	بلکہ	مہر کردی اللہ نے	ان پر	انکے کفر کے سبب	سو وہ ایمان نہیں لاتے	مگر	کم

کہ ہمارے دل پردہ میں (محفوظ) ہیں بلکہ اللہ نے ان پر ان کے کفر کے سبب مہر کردی، سو ایمان نہیں لاتے مگر کم۔

وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰي مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿١٥٦﴾ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا

وَبِكُفْرِهِمْ	وَقَوْلِهِمْ	عَلٰي	مَرْيَمَ	بُهْتَانًا	عَظِيْمًا	وَقَوْلِهِمْ	اِنَّا	قَتَلْنَا
ان کے کفر کے سبب	اور ان کا کہنا (باندھنا)	پر	مریمؑ	بہتان	بڑا	اور ان کا کہنا	ہم	ہم نے قتل کیا

(اور ان کو سزا ملی) ان کے کفر، اور مریمؑ پر بڑا بہتان باندھنے کے سبب۔ اور ان کے یہ کہنے (کے سبب) کہ ہم نے قتل کیا

الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ

الْمَسِيْحَ	عِيْسَى	ابْنَ مَرْيَمَ	رَسُوْلَ	اللّٰهِ	وَمَا قَتَلُوْهُ	وَمَا صَلَبُوْهُ
مسیحؑ	عیسیٰؑ	ابن مریمؑ	رسول	اللہ	اور نہیں قتل کیا اس کو	اور نہیں سولی دی اس کو

اللہ کے رسول عیسیٰؑ ابن مریمؑ کو، اور انہوں نے اس کو قتل نہیں کیا، اور انہوں نے اس کو سولی نہیں دی

وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ

وَلٰكِنْ	شُبِّهَ	لَهُمْ	وَاِنَّ	الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ
اور بلکہ	صورت بنادی گئی	ان کے لئے	اور بیشک	جو لوگ اختلاف کرتے ہیں	اس میں	البتہ شک میں	اس سے

بلکہ اُن کے لئے (اُن جیسی) صورت بنادی گئی اور بیشک جو لوگ اس (بارہ) میں اختلاف کرتے ہیں وہ البتہ اس بارہ میں شک میں ہیں

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۙ﴿١٥٧﴾ بَلْ

مَا لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ	اِلَّا	اتِّبَاعَ	الظَّنِّ	وَ	مَا قَتَلُوْهُ	يَقِيْنًا	بَلْ
نہیں ان کو	اس کا	کوئی علم	مگر	پیروی	اٹکل	اور	اس کو قتل نہیں کیا	یقیناً	بلکہ

اٹکل کی پیروی کے سوا انہیں اس کا کوئی علم نہیں، اور اس کو انہوں نے یقیناً قتل نہیں کیا، بلکہ

رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٥٨﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

رَّفَعَهُ	اللّٰهُ	اِلَيْهِ	وَ	كَانَ	اللّٰهُ	عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	وَاِنْ	مِّنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ
اس کو اُٹھالیا	اللہ	اپنی طرف	اور	ہے	اللہ	غالب	حکمت والا	اور نہیں	سے	اہل کتاب

اللہ نے اسے اپنی طرف اُٹھالیا، اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔ اور کوئی اہل کتاب سے نہ رہے گا ج

اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ﴿١٥٩﴾

اِلَّا	لَيُؤْمِنَنَّ	بِهٖ	قَبْلَ	مَوْتِهٖ	وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَكُوْنُ	عَلَيْهِمْ	شَهِيْدًا
مگر	ضرور ایمان لائے گا	اس پر	پہلے	اپنی موت	اور قیامت کے دن	ہوگا	اُن پر	گواہ

مگر اُس پر اپنی موت سے پہلے ضرور ایمان لائے گا، اور قیامت کے دن وہ اُن پر گواہ ہوں گے۔

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ

فَبِظُلْمٍ	مِّنَ	الَّذِيْنَ هَادُوْا	حَرَّمْنَا	عَلَيْهِمْ	طَيِّبٰتٍ	اُحِلَّتْ	لَهُمْ	وَ بِصَدِّهِمْ
سو ظلم کے سبب	سے	جو یہودی ہوئے (یہودی)	ہم نے حرام کردیا	ان پر	پاک چیزیں	حلال تھیں	انکے لئے	اور انکے روکنے کی وجہ سے

سو ہم نے اُن پر (بہت سی) پاک چیزیں جو اُن کے لئے حلال تھیں حرام کردیں، یہودیوں کے ظلم کی وجہ سے اور ان کے

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۙ﴿١٦٠﴾ وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ

عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	كَثِيْرًا	وَ	اَخْذِهِمُ	الرِّبٰوا	وَ	قَدْ نُهُوْا	عَنْهُ	وَاَكْلِهِمْ
سے	اللہ کا راستہ	بہت	اور	اُن کا لینا	سُود	حالانکہ	وہ روک دیئے گئے تھے	اس سے	اوران کا کھانا

اللہ کے راستہ سے بہت روکنے کی وجہ سے، اور ان کے سُود لینے (کی وجہ سے) حالانکہ وہ اس سے روک دیئے گئے تھے، اور (اس وجہ سے) کہ وہ کھاتے تھے

أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ۚ وَأَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيْمًا ﴿١٦١﴾

اَمْوَالَ	النَّاسِ	بِالْبَاطِلِ	وَاَعْتَدْنَا	لِلْكٰفِرِيْنَ	مِنْهُمْ	عَذَابًا	اَلِيْمًا
مال (جمع)	لوگ	ناحق	اور ہم نے تیار کیا	کافروں کے لئے	ان میں سے	عذاب	دردناک

لوگوں کے مال ناحق ، اور ہم نے اُن میں سے کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ أُنْزِلَ

لٰكِنِ	الرّٰسِخُوْنَ	فِي الْعِلْمِ	مِنْهُمْ	وَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِمَا	اُنْزِلَ
لیکن	پختہ (جمع)	علم میں	ان میں سے	اور	مومن (جمع)	وہ مانتے ہیں	جو	نازل کیا گیا

لیکن ان میں سے جو علم میں پختہ ہیں ، اور جو مومن ہیں وہ اس کو مانتے ہیں جو نازل کیا گیا

إِلَيْكَ وَمَآ أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ

اِلَيْكَ	وَمَا	اُنْزِلَ	مِنْ قَبْلِكَ	وَالْمُقِيْمِيْنَ	الصَّلٰوةَ	وَالْمُؤْتُوْنَ
آپ کی طرف	اور جو	نازل کیا گیا	آپ سے پہلے	اور قائم رکھنے والے	نماز	اور ادا کرنے والے

آپؐ کی طرف اور جو آپؐ سے پہلے نازل کیا گیا ، اور نماز قائم رکھنے والے ہیں اور ادا کرنے والے ہیں

الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ أُولٰۤئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ أَجْرًا

الزَّكٰوةَ	وَالْمُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَ	اَلْيَوْمِ الْاٰخِرِ	اُولٰۤئِكَ	سَنُؤْتِيْهِمْ	اَجْرًا
زکوٰۃ	اور ایمان لانے والے	اللہ پر	اور	آخرت کا دن	یہی لوگ	ہم ضرور دیں گے انہیں	اجر

زکوٰۃ ، اور اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لانے والے ہیں ، ایسے لوگوں کو ہم ضرور بڑا

٢٢ ع ٢

عَظِيْمًا ﴿١٦٢﴾ إِنَّآ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ كَمَآ أَوْحَيْنَآ إِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ

عَظِيْمًا	اِنَّا	اَوْحَيْنَا	اِلَيْكَ	كَمَا	اَوْحَيْنَا	اِلٰى	نُوْحٍ	وَّالنَّبِيّٖنَ	مِنْۢ بَعْدِهٖ
بڑا	بیشک ہم	ہم نے وحی بھیجی	آپؐ کی طرف	جیسے	ہم نے وحی بھیجی	طرف	نوحؑ	اور نبیوں	اس کے بعد

اجر دیں گے۔ بیشک ہم نے آپؐ کی طرف وحی بھیجی ہے ، جیسے ہم نے وحی بھیجی تھی نوحؑ کی طرف اور اس کے بعد نبیوں کی طرف

وَأَوْحَيْنَآ إِلٰٓى إِبْرٰهِيْمَ وَإِسْمٰعِيْلَ وَإِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْأَسْبَاطِ

وَاَوْحَيْنَا	اِلٰى	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	وَالْاَسْبَاطِ
اور ہم نے وحی بھیجی	طرف	ابراہیمؑ	اور اسمٰعیلؑ	اور اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	اور اولادِ یعقوبؑ

اور ہم نے وحی بھیجی ابراہیمؑ ، اسمٰعیلؑ ، اسحٰقؑ ، یعقوبؑ اور اولادِ یعقوبؑ کی طرف

وَ عِيسٰى وَ اَيُّوْبَ وَ يُوْنُسَ وَ هٰرُوْنَ وَ سُلَيْمٰنَ ۚ وَ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ

وَعِيسٰى	وَ اَيُّوْبَ	وَ يُوْنُسَ	وَ هٰرُوْنَ	وَسُلَيْمٰنَ	وَ اٰتَيْنَا	دَاوٗدَ
اور عیسیٰؑ	اور ایوبؑ	اور یونسؑ	اور ہارونؑ	اور سلیمانؑ	اور ہم نے دی	داؤدؑ

اور عیسیٰؑ، ایوبؑ، یونسؑ، ہارونؑ اور سلیمانؑ (کی طرف وحی بھیجی) اور ہم نے داؤدؑ کو دی

زَبُوْرًا ﴿١٦٣﴾ وَ رُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَ رُسُلًا لَّمْ

زَبُوْرًا	وَ رُسُلًا	قَدْ قَصَصْنٰهُمْ	عَلَيْكَ	مِنْ قَبْلُ	وَ رُسُلًا	لَّمْ
زبور	اور ایسے رسول (جمع)	ہم نے ان کا احوال سنایا	آپ پر (آپ سے)	اس سے قبل	اور ایسے رسول	نہیں

زبور۔ اور ایسے رسول (بھیجے) ہیں جن کے احوال ہم نے اس سے قبل آپ سے بیان کئے، اور ایسے رسول (بھی بھیجے)

نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ وَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿١٦٤﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ

نَقْصُصْهُمْ	عَلَيْكَ	وَكَلَّمَ	اللّٰهُ	مُوْسٰى	تَكْلِيْمًا	رُسُلًا	مُبَشِّرِيْنَ	وَ
ہم نے حال بیان کیا	آپ پر (آپ کو)	اور کلام کیا	اللہ	موسیٰؑ	کلام کرنا (خوب)	رسول (جمع)	خوشخبری سنانے والے	اور

جن کے احوال ہم نے آپ سے بیان نہیں کئے، اور اللہ نے موسیٰؑ سے (خوب) کلام کیا (ہم نے بھیجے) رسول خوشخبری سنانے والے، اور

مُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ

مُنْذِرِيْنَ	لِئَلَّا يَكُوْنَ	لِلنَّاسِ	عَلَى	اللّٰهِ	حُجَّةٌ	بَعْدَ الرُّسُلِ	وَ كَانَ	اللّٰهُ
ڈرانے والے	تاکہ نہ رہے	لوگوں کے لئے	پر	اللہ	حجت	رسولوں کے بعد	اور ہے	اللہ

ڈرانے والے تاکہ رسولوں کے بعد لوگوں کو اللہ پر کوئی حجت نہ رہے، اور اللہ

عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٦٥﴾ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ

عَزِيْزًا	حَكِيْمًا	لٰكِنِ	اللّٰهُ	يَشْهَدُ	بِمَا	اَنْزَلَ	اِلَيْكَ	اَنْزَلَهٗ	بِعِلْمِهٖ
غالب	حکمت والا	لیکن	اللہ	گواہی دیتا ہے	اس پر جو	اس نے نازل کیا	آپ کی طرف	وہ نازل ہوا	اپنے علم کے ساتھ

غالب حکمت والا ہے۔ لیکن اللہ اس پر گواہی دیتا ہے، جو اس نے آپ کی طرف نازل کیا، وہ اپنے علم سے نازل کیا

وَ الْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿١٦٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وَالْمَلٰٓئِكَةُ	يَشْهَدُوْنَ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اور فرشتے	گواہی دیتے ہیں	اور کافی ہے	اللہ	گواہ	بیشک	وہ لوگ جو	انہوں نے کفر کیا

اور فرشتے (بھی) گواہی دیتے ہیں، اور گواہ (تو) اللہ ہی کافی ہے۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کیا،

وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًا ۢ بَعِيْدًا ﴿۱۶۷﴾ اِنَّ

وَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	قَدْ ضَلُّوْا	ضَلٰلًا	بَعِيْدًا	اِنَّ
اور انہوں نے روکا	سے	اللہ کا راستہ	تحقیق وہ گمراہی میں پڑے	گمراہی	دُور	بیشک

اور اللہ کے رستے سے روکا، تحقیق وہ گمراہی میں دُور جا پڑے۔ بیشک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَظَلَمُوْا	لَمْ يَكُنِ	اللّٰهُ	لِيَغْفِرَ	لَهُمْ	وَلَا	لِيَهْدِيَهُمْ
وہ لوگ جو	اُنہوں نے کفر کیا	اور ظلم کیا	نہیں ہے	اللہ	کہ بخشدے	انہیں	اور نہ	انہیں ہدایت دے

جن لوگوں نے کفر کیا، اور ظلم کیا، اللہ انہیں نہیں بخشے گا اور نہ اُنہیں ہدایت دے گا

طَرِيْقًا ﴿۱۶۸﴾ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

طَرِيْقًا	اِلَّا	طَرِيْقَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	وَكَانَ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ
راستہ (سیدھا)	مگر	راستہ	جہنم	رہیں گے	اس میں	ہمیشہ	اور ہے	یہ	اللہ پر

(سیدھے) راستہ کی۔ مگر جہنم کا راستہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، اور یہ اللہ پر

يَسِيْرًا ﴿۱۶۹﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا

يَسِيْرًا	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	قَدْ جَاۗءَكُمُ	الرَّسُوْلُ	بِالْحَقِّ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَاٰمِنُوْا
آسان	اے	لوگ	تمہارے پاس آیا	رسول	حق کے ساتھ	سے	تمہارا رب	سو ایمان لاؤ

آسان ہے۔ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق کے ساتھ رسُول آگیا ہے، سو ایمان لے آؤ

خَيْرًا لَّكُمْ ۭ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ

خَيْرًا	لَّكُمْ	وَاِنْ	تَكْفُرُوْا	فَاِنَّ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَكَانَ
بہتر	تمہارے لئے	اور اگر	تم نہ مانوگے	تو بیشک	اللہ کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور ہے

تمہارے لئے بہتر ہے، اور اگر تم نہ مانوگے تو بیشک جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اللہ کے لئے ہے، اور

اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷۰﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا

اللّٰهُ	عَلِيْمًا	حَكِيْمًا	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لَا تَغْلُوْا	فِيْ دِيْنِكُمْ	وَ	لَا تَقُوْلُوْا
اللہ	جاننے والا	حکمت والا	اے اہل کتاب!	غلو نہ کرو	اپنے دین میں	اور	نہ کہو

اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اے اہل کتاب! اپنے دین میں غلو نہ کرو (حد سے نہ بڑھو) اور نہ کہو

عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

عَلَى اللّٰهِ	اِلَّا	الْحَقَّ	اِنَّمَا	الْمَسِيْحُ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ
پر (بارہ میں) اللہ	سوائے	حق	اسکے سوا نہیں	مسیح	عیسیٰ	ابن مریم	رسول	اللہ

اللہ کے بارہ میں حق کے سوا، اس کے سوا نہیں کہ مسیح عیسیٰ ابن مریم اللہ کے رسول ہیں

وَ كَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَ رُوْحٌ مِّنْهُ ؗ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ۚ وَلَا

وَ كَلِمَتُهٗ	اَلْقٰهَا	اِلٰى	مَرْيَمَ	وَ	رُوْحٌ	مِنْهُ	فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ رُسُلِهٖ	وَلَا
اور اس کا کلمہ	اس کو ڈالا	طرف	مریم	اور	رُوح	اس سے	سو ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور نہ

اور اس کا کلمہ، جس کو مریم کی طرف ڈالا اور اس (کی طرف) سے روح ہیں، سو تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور

تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ

تَقُوْلُوْا	ثَلٰثَةٌ	اِنْتَهُوْا	خَيْرًا	لَكُمْ	اِنَّمَا	اللّٰهُ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	سُبْحٰنَهٗ	اَنْ	يَكُوْنَ	لَهٗ
کہو	تین	باز رہو	بہتر	تمہارے لئے	اسکے سوا نہیں	اللہ	معبودِ واحد	وہ پاک ہے	کہ	ہو	اس کا

نہ کہو (خدا) تین ہیں (اس سے) باز رہو، تمہارے لئے بہتر ہے اسکے سوا نہیں (بیشک) کہ اللہ معبودِ واحد ہے اور اس سے پاک ہے کہ اس کی

۲۳ ع ۹ ۳

وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۷۱﴾

وَلَدٌ	لَهٗ	مَا	فِى السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِى الْاَرْضِ	وَكَفٰى	بِاللّٰهِ	وَكِيْلًا
اولاد	اس کا	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور کافی ہے	اللہ	کارساز

اولاد ہو۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اس کا ہے، اور اللہ کارساز کافی ہے۔

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ	الْمَسِيْحُ	اَنْ	يَكُوْنَ	عَبْدًا	لِلّٰهِ	وَلَا	الْمَلٰٓئِكَةُ
ہرگز عار نہیں	مسیح	کہ	ہو	بندہ	اللہ کا	اور نہ	فرشتے

مسیح کو ہرگز عار نہیں کہ وہ اللہ کا بندہ ہو، اور نہ مقرب فرشتوں کو

الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ

الْمُقَرَّبُوْنَ	وَمَنْ	يَسْتَنْكِفْ	عَنْ	عِبَادَتِهٖ	وَيَسْتَكْبِرْ	فَسَيَحْشُرُهُمْ	اِلَيْهِ
مقرّب (جمع)	اور جو	عار کرے	سے	اس کی عبادت	اور تکبّر کرے	تو عنقریب انہیں جمع کرے گا	اپنے پاس

(عار ہے) اور جو کوئی اس کی (اللہ کی) بندگی سے عار اور تکبّر کرے تو وہ عنقریب انہیں اپنے پاس جمع کرے گا،

جَمِیۡعًا ﴿۱۷۲﴾ فَاَمَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَیُوَفِّیۡهِمۡ اُجُوۡرَهُمۡ وَیَزِیۡدُهُمۡ

جَمِیۡعًا	فَاَمَّا	الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا	وَعَمِلُوۡا	الصّٰلِحٰتِ	فَیُوَفِّیۡهِمۡ	اُجُوۡرَهُمۡ	وَیَزِیۡدُهُمۡ
سب	پھر	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	انہیں پورا دے گا	ان کے اجر	اور انہیں زیادہ دے گا

سب کو۔ پھر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے وہ انہیں انکے اجر پورے پورے دے گا اور انہیں زیادہ دے گا

مِّنۡ فَضۡلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِیۡنَ اسۡتَنۡكَفُوۡا وَاسۡتَكۡبَرُوۡا فَیُعَذِّبُهُمۡ

مِّنۡ	فَضۡلِهٖ	وَاَمَّا	الَّذِیۡنَ	اسۡتَنۡكَفُوۡا	وَاسۡتَكۡبَرُوۡا	فَیُعَذِّبُهُمۡ
سے	اپنا فضل	اور پھر	وہ لوگ جو	اُنہوں نے عار سمجھا	اور انہوں نے تکبر کیا	تو انہیں عذاب دے گا

اپنے فضل سے، اور جن لوگوں نے (بندگی کو) عار سمجھا اور تکبر کیا تو وہ انہیں عذاب دے گا،

عَذَابًا اَلِیۡمًا ۙ وَّلَا یَجِدُوۡنَ لَهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَلِیًّا وَّلَا

عَذَابًا	اَلِیۡمًا	وَلَا یَجِدُوۡنَ	لَهُمۡ	مِّنۡ	دُوۡنِ	اللّٰهِ	وَلِیًّا	وَّلَا
عذاب	دردناک	اور وہ نہ پائیں گے	اپنے لئے	سے	سوائے	اللہ	دوست	اور نہ

دردناک عذاب۔ اور وہ اپنے لئے اللہ کے سوا نہ پائیں گے کوئی دوست اور نہ

نَصِیۡرًا ﴿۱۷۳﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدۡ جَآءَكُمۡ بُرۡهَانٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَاَنۡزَلۡنَاۤ اِلَیۡكُمۡ

نَصِیۡرًا	یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ	قَدۡ جَآءَكُمۡ	بُرۡهَانٌ	مِّنۡ	رَّبِّكُمۡ	وَاَنۡزَلۡنَاۤ	اِلَیۡكُمۡ
مددگار	اے لوگو!	تمہارے پاس آچکی	روشن دلیل	سے	تمہارا رب	اور ہم نے نازل کیا	تمہاری طرف

مددگار۔ اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے روشن دلیل آچکی، اور ہم نے تمہاری طرف نازل کی ہے

نُوۡرًا مُّبِیۡنًا ﴿۱۷۴﴾ فَاَمَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَاعۡتَصَمُوۡا بِهٖ فَسَیُدۡخِلُهُمۡ

نُوۡرًا	مُّبِیۡنًا	فَاَمَّا	الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا	بِاللّٰهِ	وَاعۡتَصَمُوۡا	بِهٖ	فَسَیُدۡخِلُهُمۡ
روشنی	واضح	پس	جو لوگ ایمان لائے	اللہ پر	اور مضبوط پکڑا	اس کو	وہ انہیں عنقریب داخل کرے گا

واضح روشنی۔ پس جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور انہوں نے اس کو مضبوطی سے پکڑا پس وہ انہیں عنقریب داخل کرے گا

فِیۡ رَحۡمَةٍ مِّنۡهُ وَفَضۡلٍ ۙ وَّیَهۡدِیۡهِمۡ اِلَیۡهِ صِرَاطًا مُّسۡتَقِیۡمًا ﴿۱۷۵﴾ ؕ

فِیۡ رَحۡمَةٍ	مِّنۡهُ	وَفَضۡلٍ	وَ	یَهۡدِیۡهِمۡ	اِلَیۡهِ	صِرَاطًا	مُّسۡتَقِیۡمًا
رحمت میں	اس سے (اپنی)	اور فضل	اور	انہیں ہدایت دے گا	اپنی طرف	راستہ	سیدھا

اپنی رحمت اور فضل میں، اور انہیں اپنی طرف سیدھے راستہ کی ہدایت دے گا۔

يَسْتَفْتُوْنَكَ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ۭ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ

يَسْتَفْتُوْنَكَ	قُلِ	اللّٰهُ	يُفْتِيْكُمْ	فِي الْكَلٰلَةِ	اِنِ	امْرُؤٌا	هَلَكَ
آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں	کہہ دیں	اللہ	تمہیں حکم بتاتا ہے	کلالہ (کے بارہ) میں	اگر	کوئی مرد	مر جائے

آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں آپ کہہ دیں اللہ تمہیں کلالہ کے بارہ میں حکم بتاتا ہے۔ اگر کوئی (ایسا) مرد مر جائے

لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ

لَيْسَ	لَهٗ وَلَدٌ	وَلَهٗ	اُخْتٌ	فَلَهَا	نِصْفُ	مَا تَرَكَ	وَهُوَ	يَرِثُهَا	اِنْ
نہ ہو	اس کی کوئی اولاد	اور اس کی ہو	ایک بہن	تو اسکے لئے	نصف	جو اس نے چھوڑا (ترکہ)	اور وہ	اسکا وارث ہوگا	اگر

جس کی کوئی اولاد نہ ہو اور اس کی ایک بہن ہو تو اس (بہن) کو اسکے ترکہ کا نصف ملے گا، اور وہ اس کا وارث ہوگا اگر

لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ۭ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا

لَمْ يَكُنْ	لَهَا	وَلَدٌ	فَاِنْ	كَانَتَا	اثْنَتَيْنِ	فَلَهُمَا	الثُّلُثٰنِ	مِمَّا
نہ ہو	اس کا	کوئی اولاد	پھر اگر	ہوں	دو بہنیں	تو انکے لئے	دو تہائی	اس سے جو

اس (بہن) کی کوئی اولاد نہ ہو، پھر اگر (مرنے والے کی) دو بہنیں ہوں تو ان کے لئے دو تہائی ہے اس (بھائی) کے

تَرَكَ ۭ وَاِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَاۗءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ

تَرَكَ	وَاِنْ	كَانُوْا	اِخْوَةً	رِجَالًا	وَنِسَاۗءً	فَلِلذَّكَرِ	مِثْلُ	حَظِّ	الْاُنْثَيَيْنِ
اس نے چھوڑا (ترکہ)	اور اگر	ہوں	بھائی بہن	کچھ مرد	اور کچھ عورتیں	تو مرد کے لئے	برابر	حصہ	دو عورت

ترکہ میں سے، اور اگر بھائی بہن کچھ مرد اور کچھ عورتیں ہوں تو ایک مرد کے لئے دو عورتوں کے برابر حصہ ہے۔

۲۴ ع ۵ ۴

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝١٧٦ ع

يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اَنْ تَضِلُّوْا	وَاللّٰهُ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ
کھول کر بیان کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	تاکہ بھٹک نہ جاؤ	اور اللہ	ہر	چیز	جاننے والا

اللہ تمہارے لئے کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم بھٹک نہ جاؤ اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

؏ کلالہ: جس کے اصول (باپ دادا) اور فروع (اولاد) نہ ہوں۔

اٰیاتھا ١٢٠

٥ : سُوْرَةُ الْمَائِدَةِ مَدَنِيَّةٌ : ١١٢

رکوعاتھا ١٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو بہت مہربان، رحم کرنے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ڛ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اَوْفُوْا	بِالْعُقُوْدِ	اُحِلَّتْ لَكُمْ	بَهِيْمَةُ	الْاَنْعَامِ
اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	پورا کرو	عہد۔قول	حلال کئے گئے تمہارے لئے	چوپائے	مویشی

اے ایمان والو! اپنے عہد پورے کرو، تمہارے لئے چوپائے مویشی حلال کئے گئے

اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اِلَّا	مَا	يُتْلٰى عَلَيْكُمْ	غَيْرَ	مُحِلِّي الصَّيْدِ	وَاَنْتُمْ	حُرُمٌ	اِنَّ اللّٰهَ
سوائے	جو	پڑھے جائیں گے (سنائے جائیں گے) تمہیں	مگر	حلال جانتے ہوئے شکار	جبکہ تم	احرام میں ہو	بیشک اللہ

سوائے ان کے جو تمہیں سنائے جائیں گے، مگر شکار کو حلال نہ جانو جب کہ تم (حالت) احرام میں ہو، بیشک اللہ

يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۝۱ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَاۗئِرَ اللّٰهِ

يَحْكُمُ	مَا يُرِيْدُ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تُحِلُّوْا	شَعَاۗئِرَ اللّٰهِ
حکم کرتا ہے	جو چاہے	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	حلال نہ سمجھو	اللہ کی نشانیاں

جو چاہے حکم کرتا ہے۔ اے ایمان والو! شعائر اللہ (اللہ کی نشانیاں) تم حلال نہ سمجھو

وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَاۗئِدَ وَلَآ اٰۗمِّيْنَ

وَلَا	الشَّهْرَ الْحَرَامَ	وَلَا	الْهَدْيَ	وَلَا	الْقَلَاۗئِدَ	وَلَا	اٰۗمِّيْنَ
اور نہ	مہینے ادب والے	اور نہ	نیازِ کعبہ	اور نہ	گلے میں پٹہ ڈالے ہوئے	اور نہ	قصد کرنیوالے (آنیوالے)

اور نہ ادب والے مہینے (ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرّم، رجب) اور نہ نیازِ کعبہ (کے جانور) اور نہ گلے میں (قربانی کے) پٹہ ڈالے ہوئے اور آنیوالے

الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ۭ وَاِذَا حَلَلْتُمْ

الْبَيْتَ الْحَرَامَ	يَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا	مِّنْ رَّبِّهِمْ	وَرِضْوَانًا	وَاِذَا	حَلَلْتُمْ
احترام والا گھر (خانہ کعبہ)	وہ چاہتے ہیں	فضل	اپنے رب سے	اور خوشنودی	اور جب	احرام کھول دو

خانہ کعبہ کو، جو اپنے رب کا فضل اور خوشنودی چاہتے ہیں۔ اور جب احرام کھول دو

فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

فَاصْطَادُوْا	وَلَا	يَجْرِمَنَّكُمْ	شَنَاٰنُ	قَوْمٍ	اَنْ	صَدُّوْكُمْ	عَنِ	الْمَسْجِدِ
تو شکار کرلو	اور نہ	تمہارے لئے باعث ہو	دشمنی	قوم	جو	تم کو روکتی تھی	سے	مسجد

(چاہو) تو شکار کرلو، اور (اس) قوم کی دشمنی جو تم کو روکتی تھی مسجد حرام (خانہ کعبہ) سے (اس کا) باعث نہ بنے

الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۠ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى

الْحَرَامِ	اَنْ تَعْتَدُوْا	وَتَعَاوَنُوْا	عَلَى الْبِرِّ	وَالتَّقْوٰى	وَلَا تَعَاوَنُوْا	عَلَى
حرام (خانہ کعبہ)	کہ تم زیادتی کرو	اور ایکدوسرے کی مدد کرو	نیکی پر (میں)	اور تقوٰی (پرہیزگاری)	اور ایکدوسرے کی مدد نہ کرو	پر (میں)

کہ تم زیادتی کرو۔ اور ایک دوسرے کی مدد کرو نیکی اور پرہیزگاری میں؛ اور ایک دوسرے کی مدد نہ کرو

الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝٢ حُرِّمَتْ

الْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اِنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	حُرِّمَتْ
گناہ	اور زیادتی (سرکشی)	اور ڈرو اللہ سے	بیشک اللہ	سخت	عذاب	حرام کر دیا گیا

گناہ اور سرکشی میں، اور اللہ سے ڈرو۔ بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے۔ حرام کر دیا گیا

عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَ

عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةُ	وَالدَّمُ	وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ	وَمَآ	اُهِلَّ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ	وَ
تم پر	مُردار	اور خون	اور سُور کا گوشت	اور جو۔ جس	پکارا گیا	اللہ کے سوا	اس پر	اور

تم پر مُردار، اور خون، اور سُور کا گوشت، اور جس پر پکارا گیا اللہ کے سوا کسی اور کا نام، اور

الْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ

الْمُنْخَنِقَةُ	وَالْمَوْقُوْذَةُ	وَالْمُتَرَدِّيَةُ	وَالنَّطِيْحَةُ	وَمَا	اَكَلَ	السَّبُعُ
گلا گھونٹنے سے مرا ہوا	اور چوٹ کھا کر مرا ہوا	اور گر کر مرا ہوا	اور سینگ مارا ہوا	اور جو۔ جس	کھایا	درندہ

گلا گھونٹنے سے مرا ہوا، اور چوٹ کھا کر مرا ہوا، اور گر کر مرا ہوا، اور سینگ مارا ہوا، اور جس کو درندے نے کھایا ہو،

اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ

اِلَّا مَا	ذَكَّيْتُمْ	وَمَا	ذُبِحَ	عَلَى النُّصُبِ	وَاَنْ	تَسْتَقْسِمُوْا	بِالْاَزْلَامِ
مگر جو	تم نے ذبح کر لیا	اور جو	ذبح کیا گیا	تھانوں پر	اور یہ کہ	تم تقسیم کرو	تیروں سے

مگر جو تم نے ذبح کر لیا، اور (حرام کیا گیا) جو تھانوں (پرستش گاہوں) پر ذبح کیا گیا، اور یہ کہ تم تیروں سے (پانسے ڈال کر) تقسیم کرو،

ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۗ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ

ذٰلِكُمْ	فِسْقٌ	اَلْيَوْمَ	يَئِسَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ	دِيْنِكُمْ	فَلَا تَخْشَوْهُمْ
یہ	گناہ	آج	مایوس ہو گئے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	سے	تمہارا دین	سو تم ان سے نہ ڈرو

یہ گناہ ہیں۔ آج کافر تمہارے دین سے مایوس ہو گئے، سو تم ان سے نہ ڈرو،

وَاخْشَوْنِ ۗ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ

وَاخْشَوْنِ	اَلْيَوْمَ	اَكْمَلْتُ	لَكُمْ	دِيْنَكُمْ	وَاَتْمَمْتُ	عَلَيْكُمْ	نِعْمَتِيْ
اور مجھ سے ڈرو	آج	میں نے مکمل کر دیا	تمہارے لئے	تمہارا دین	اور پوری کر دی	تم پر	اپنی نعمت

اور مجھ سے ڈرو، آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا، اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی،

وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ

وَرَضِيْتُ	لَكُمُ	الْاِسْلَامَ	دِيْنًا	فَمَنِ	اضْطُرَّ	فِيْ	مَخْمَصَةٍ	غَيْرَ	مُتَجَانِفٍ
اور میں نے پسند کیا	تمہارے لئے	اسلام	دین	پھر جو	لاچار ہو جائے	میں	بھوک	نہ	مائل ہو

اور میں نے تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا۔ پھر جو بھوک میں لاچار ہو جائے (لیکن) مائل نہ ہو

لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ③ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ۭ قُلْ

لِّاِثْمٍ	فَاِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يَسْـَٔلُوْنَكَ	مَاذَا	اُحِلَّ	لَهُمْ	قُلْ
گناہ کی طرف	تو بیشک اللہ	بخشنے والا	مہربان	آپ سے پوچھتے ہیں	کیا	حلال کیا گیا	انکے لئے	کہہ دیں

گناہ کی طرف (اسکے لئے گنجائش ہے) بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ آپ سے پوچھتے ہیں ان کے لئے کیا حلال کیا گیا ہے؟ کہہ دیں

اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ

اُحِلَّ	لَكُمُ	الطَّيِّبٰتُ	وَمَا	عَلَّمْتُمْ	مِّنَ	الْجَوَارِحِ	مُكَلِّبِيْنَ	تُعَلِّمُوْنَهُنَّ
حلال کی گئیں	تمہارے لئے	پاک چیزیں	اور جو	تم سدھاؤ	سے	شکاری جانور	شکار پر دوڑائے ہوئے	تم انہیں سکھاتے ہو

تمہارے لئے پاک چیزیں حلال کی گئی ہیں اور جو تم شکاری جانور سدھاؤ شکار پر دوڑانے کو کہ تم انہیں سکھاتے ہو

مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۡ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ

مِمَّا	عَلَّمَكُمُ	اللّٰهُ	فَكُلُوْا	مِمَّا	اَمْسَكْنَ	عَلَيْكُمْ	وَاذْكُرُوْا	اسْمَ	اللّٰهِ	عَلَيْهِ
اس سے جو	تمہیں سکھایا	اللہ	پس تم کھاؤ	اس سے جو	وہ پکڑ رکھیں	تمہارے لئے	اور یاد کرو (لو)	نام	اللہ	اس پر

اس سے جو اللہ نے تمہیں سکھایا ہے، پس اس میں سے کھاؤ جو وہ تمہارے لئے پکڑ رکھیں، اور اس پر اللہ کا نام لو (ذبح کرلو)

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ④ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَ

وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ	اَلْيَوْمَ	اُحِلَّ	لَكُمُ	الطَّيِّبٰتُ	وَ
اور ڈرو	اللہ	بیشک	اللہ	جلد لینے والا	حساب	آج	حلال کی گئیں	تمہارے لئے	پاک چیزیں	اور

اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے ۔ آج تمہارے لئے پاک چیزیں حلال کی گئیں ، اور

طَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۪ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ

طَعَامُ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	حِلٌّ	لَّكُمْ	وَطَعَامُكُمْ	حِلٌّ	لَّهُمْ	وَالْمُحْصَنٰتُ
کھانا	وہ لوگ جو	کتاب دیئے گئے (اہل کتاب)	حلال	تمہارے لئے	اور تمہارا کھانا	حلال	اُن کے لئے	اور پاکدامن عورتیں

اہل کتاب کا کھانا تمہارے لئے حلال ہے، اور تمہارا کھانا اُن کے لئے حلال ہے ، اور پاک دامن

مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ

مِنَ	الْمُؤْمِنٰتِ	وَالْمُحْصَنٰتُ	مِنَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	اِذَآ
سے	مومن عورتیں	اور پاکدامن	سے	وہ لوگ جو	کتاب دی گئی	تم سے پہلے	جب

مومن عورتیں ، اور پاکدامن عورتیں اُن میں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی (حلال ہیں) جب

اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ

اٰتَيْتُمُوْهُنَّ	اُجُوْرَهُنَّ	مُحْصِنِيْنَ	غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ	وَلَا مُتَّخِذِيْٓ	اَخْدَانٍ
تم اُنہیں دے دو	ان کے مہر	قید میں لانے کو	نہ کہ مستی نکالنے کو	اور نہ بنانے کو	چھپی آشنائی

تم اُنہیں اُن کے مہر دیدو (قید نکاح) میں لانے کو، نہ کہ مستی نکالنے کو، اور نہ چوری چھپے آشنائی کرنے کو،

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۡ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ

وَمَنْ	يَّكْفُرْ	بِالْاِيْمَانِ	فَقَدْ حَبِطَ	عَمَلُهٗ	وَهُوَ	فِي الْاٰخِرَةِ	مِنَ
اور جو	منکر ہو	ایمان سے	تو ضائع ہوا	اس کا عمل	اور وہ	آخرت میں	سے

اور جو ایمان کا مُنکر ہوا اس کا عمل ضائع ہوا ' اور وہ آخرت میں

١ ع ٥ ٥

الْخٰسِرِيْنَ ⑤ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا

الْخٰسِرِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِذَا	قُمْتُمْ	اِلَى الصَّلٰوةِ	فَاغْسِلُوْا
نقصان اٹھانے والے	اے	وہ جو ایمان لائے (ایمان والے)	جب	تم اُٹھو	نماز کے لئے	تو دھو لو

نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہے ۔ اے ایمان والو! جب تم نماز کے لئے اُٹھو تو دھو لو

وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ

وُجُوْهَكُمْ	وَاَيْدِيَكُمْ	اِلَى	الْمَرَافِقِ	وَامْسَحُوْا	بِرُءُوْسِكُمْ	وَاَرْجُلَكُمْ
اپنے مُنہ	اور اپنے ہاتھ	تک	کہنیاں	اور مسح کرو	اپنے سروں کا	اور اپنے پاؤں

اپنے مُنہ اور اپنے ہاتھ کہنیوں تک، اور اپنے سروں کا مسح کرو، اور اپنے پاؤں (دھو)

اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ

اِلَى	الْكَعْبَيْنِ	وَاِنْ	كُنْتُمْ	جُنُبًا	فَاطَّهَّرُوْا	وَاِنْ	كُنْتُمْ	مَّرْضٰۤى	اَوْ
تک	ٹخنوں	اور اگر	تم ہو	ناپاک	تو خوب پاک ہو جاؤ	اور اگر	تم ہو	بیمار	یا

ٹخنوں تک، اور اگر تم ناپاک ہو (غسل کی حاجت ہو) تو خوب پاک ہو جاؤ (غسل کر لو) اور اگر تم بیمار ہو یا

عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا

عَلٰى	سَفَرٍ	اَوْ	جَآءَ	اَحَدٌ	مِّنْكُمْ	مِّنَ الْغَآئِطِ	اَوْ لٰمَسْتُمُ	النِّسَآءَ	فَلَمْ تَجِدُوْا
پر (میں)	سفر	اور	آئے	کوئی	تم میں سے	بیت الخلاء سے	یا تم ملو (صحبت کی)	عورتوں سے	پھر نہ پاؤ

سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی بیت الخلاء سے آئے یا تم نے عورتوں سے صحبت کی، پھر نہ پاؤ

مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ

مَآءً	فَتَيَمَّمُوْا	صَعِيْدًا	طَيِّبًا	فَامْسَحُوْا	بِوُجُوْهِكُمْ	وَاَيْدِيْكُمْ	مِّنْهُ
پانی	تو تیمم کر لو	مٹی	پاک	تو مسح کرو	اپنے مُنہ	اور اپنے ہاتھ	اس سے

پانی، تو تم پاک مٹی سے تیمم کر لو (یعنی) اس سے اپنے مُنہ اور ہاتھوں کا مسح کرو

مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ

مَا يُرِيْدُ	اللّٰهُ	لِيَجْعَلَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْ	حَرَجٍ	وَّلٰكِنْ	يُّرِيْدُ	لِيُطَهِّرَكُمْ	وَلِيُتِمَّ	نِعْمَتَهٗ
نہیں چاہتا	اللہ	کہ کرے	تم پر	کوئی	تنگی	اور لیکن	چاہتا ہے	کہ تمہیں پاک کرے	اور یہ کہ پوری کرے	اپنی نعمت

اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی کرے، لیکن چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کرے اور یہ کہ اپنی نعمت پوری کرے

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۶ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ

عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	وَاذْكُرُوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَمِيْثَاقَهُ
تم پر	تاکہ تم	احسان مانو	اور یاد کرو	اللہ کی نعمت	تم پر (اپنے اوپر)	اور اس کا عہد

تم پر، تاکہ تم احسان مانو۔ اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، اور اس کا عہد

الَّذِیْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	اِنَّ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	وَاَطَعْنَا	سَمِعْنَا	اِذْ قُلْتُمْ	بِهٖ	وَاثَقَكُمْ	الَّذِیْ
اللہ	بیشک	اور اللہ سے ڈرو	اور ہم نے مانا	ہم نے سُنا	جب تم نے کہا	اس سے	تم نے باندھا	جو

جو تم نے اُس سے باندھا، جب تم نے کہا ہم نے سُنا اور ہم نے مانا، اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ

عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۷ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ

لِلّٰهِ	قَوّٰمِیْنَ	كُوْنُوْا	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	یٰۤاَیُّهَا	الصُّدُوْرِ	بِذَاتِ	عَلِیْمٌ
اللہ کے لئے	کھڑے ہونے والے	ہو جاؤ	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	اے	دلوں کی	بات	جاننے والا

دلوں کی بات جاننے والا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کے لئے کھڑے ہونے والے ہو جاؤ

شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا

اِعْدِلُوْا	اَلَّا تَعْدِلُوْا	عَلٰۤى	قَوْمٍ	شَنَاٰنُ	وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ	بِالْقِسْطِ	شُهَدَآءَ
تم انصاف کرو	کہ انصاف نہ کرو	پر	کسی قوم	دشمنی	اور تمہیں نہ اُبھارے	انصاف کے ساتھ	گواہ

انصاف کی گواہی دینے کو۔ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں (اس پر) نہ اُبھارے کہ انصاف نہ کرو۔ تم انصاف کرو

هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۸

تَعْمَلُوْنَ	بِمَا	خَبِیْرٌ	اِنَّ اللّٰهَ	اللّٰهَ	وَاتَّقُوا	لِلتَّقْوٰى	اَقْرَبُ	هُوَ
تم کرتے ہو	جو	خوب باخبر	بیشک اللہ	اللہ	اور ڈرو	تقویٰ کے	زیادہ قریب	وہ (یہ)

یہ تقوے کے زیادہ قریب ہے، اور اللہ سے ڈرو، بیشک تم جو کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ ۝۹

عَظِیْمٌ	وَّاَجْرٌ	مَّغْفِرَةٌ	لَهُمْ	الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوا	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	اللّٰهُ	وَعَدَ
بڑا	اور اجر	بخشش	ان کے لئے	اچھے	اور انہوں نے عمل کئے	جو لوگ ایمان لائے	اللہ	وعدہ کیا

جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے اچھے عمل کئے اللہ نے وعدہ کیا کہ ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے۔

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ ۝۱۰ یٰۤاَیُّهَا

یٰۤاَیُّهَا	اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ	اُولٰٓىِٕكَ	بِاٰیٰتِنَا	وَكَذَّبُوْا	وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا
اے	جہنم والے	یہی	ہماری آیتیں	اور جھٹلایا	اور جن لوگوں نے کفر کیا

اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا یہی جہنم والے ہیں۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اذْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	اِذْ هَمَّ	قَوْمٌ	اَنْ	يَّبْسُطُوْٓا
جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	تم یاد کرو	نعمت	اللہ	اپنے اوپر	جب ارادہ کیا	ایک گروہ	کہ	بڑھائیں

ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کی نعمت (احسان) یاد کرو جب ایک گروہ نے ارادہ کیا کہ وہ بڑھائیں

اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

اِلَيْكُمْ	اَيْدِيَهُمْ	فَكَفَّ	اَيْدِيَهُمْ	عَنْكُمْ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَعَلَى	اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ
تمہاری طرف	اپنے ہاتھ	پس روک دیئے	ان کے ہاتھ	تم سے	اور ڈرو	اللہ	اور پر	اللہ	چاہیئے بھروسہ کریں

تمہاری طرف اپنے ہاتھ (دست درازی کرنے کو) تو اس نے تم سے اُن کے ہاتھ روک دیئے، اور اللہ سے ڈرو، اور چاہیئے کہ اللہ پر بھروسہ کریں

۲ ع ۶

الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۱ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ

الْمُؤْمِنُوْنَ	وَلَقَدْ	اَخَذَ اللّٰهُ	مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ	وَبَعَثْنَا	مِنْهُمُ	اثْنَيْ عَشَرَ
ایمان والے	اور البتہ	اللہ نے لیا	عہد	بنی اسرائیل	اور ہم نے مقرر کئے	ان سے	بارہ

ایمان والے اور البتہ اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا، اور ہم نے اُن میں سے مقرر کئے بارہ

نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ

نَقِيْبًا	وَقَالَ	اللّٰهُ	اِنِّىْ مَعَكُمْ	لَىِٕنْ	اَقَمْتُمُ	الصَّلٰوةَ	وَاٰتَيْتُمُ
سردار	اور کہا	اللہ	بیشک میں تمہارے ساتھ	اگر	نماز قائم رکھوگے	نماز	اور دیتے رہوگے

سردار، اور اللہ نے کہا بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں، اگر تم نماز قائم رکھو گے، اور دیتے رہوگے

الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

الزَّكٰوةَ	وَاٰمَنْتُمْ	بِرُسُلِيْ	وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ	وَاَقْرَضْتُمُ	اللّٰهَ	قَرْضًا	حَسَنًا
زکوٰۃ	اور ایمان لاؤگے	میرے رسولوں پر	اور ان کی مدد کروگے	اور قرض دوگے	اللہ	قرض	حسنہ

زکوٰۃ، اور میرے رسولوں پر ایمان لاؤگے، اور ان کی مدد کروگے اور اللہ کو قرض حسنہ (اچھا قرض) دوگے،

لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ

لَّاُكَفِّرَنَّ	عَنْكُمْ	سَيِّاٰتِكُمْ	وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
میں ضرور دور کردوں گا	تم سے	تمہارے گناہ	اور ضرور داخل کردوں گا تمہیں	باغات	بہتی ہیں	سے	ان کے نیچے	نہریں

میں تمہارے گناہ ضرور دور کردوں گا، اور تمہیں (اُن) باغات میں ضرور داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں،

فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١٢﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ

فَمَنْ	كَفَرَ	بَعْدَ ذٰلِكَ	مِنْكُمْ	فَقَدْ ضَلَّ	سَوَآءَ	السَّبِيْلِ	فَبِمَا	نَقْضِهِمْ	مِّيْثَاقَهُمْ
پھر جو جس	کفر کیا	اس کے بعد	تم میں سے	بیشک گمراہ ہوا	سیدھا	راستہ	سو بسبب (پر)	ان کا توڑنا	ان کا عہد

پھر اس کے بعد تم میں سے جس نے کفر کیا بیشک وہ سیدھے راستہ سے گمراہ ہوا۔ سو ان کے عہد توڑنے پر

لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا

لَعَنّٰهُمْ	وَ	جَعَلْنَا	قُلُوْبَهُمْ	قٰسِيَةً	يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	عَنْ	مَّوَاضِعِهٖ	وَنَسُوْا
ہم نے اُن پر لعنت کی	اور	ہم نے کردیا	انکے دل (جمع)	سخت	وہ پھیر دیتے ہیں	کلام	سے	اس کے مواقع	اور وہ بھول گئے

ہم نے اُن پر لعنت کی اور اُن کے دلوں کو سخت کر دیا، وہ کلام کو اس کے مواقع سے پھیر دیتے ہیں (بدل دیتے ہیں) اور وہ بھول گئے (فراموش کر بیٹھے)

حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ

حَظًّا	مِّمَّا	ذُكِّرُوْا بِهٖ	وَلَا تَزَالُ	تَطَّلِعُ	عَلٰى	خَآئِنَةٍ	مِّنْهُمْ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّنْهُمْ
ایک بڑا حصہ	اس سے جو	انہیں جس کی نصیحت کی گئی	اور ہمیشہ	آپ خبر پاتے رہتے ہیں	پر	خیانت	اُن سے	سوائے	تھوڑے	اُن سے

اس کا بڑا حصہ جس کی اُنہیں نصیحت کی گئی تھی اور آپ ان میں سے تھوڑوں کے سوا ہمیشہ انکی خیانت پر خبر پاتے رہتے ہیں

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

فَاعْفُ	عَنْهُمْ	وَاصْفَحْ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ	وَ مِنَ	الَّذِيْنَ قَالُوْٓا
سو معاف کر	ان کو	اور درگزر کر	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے	احسان کرنے والے	اور سے	جن لوگوں نے کہا

سو اُن کو معاف کر دیں اور درگزر کریں بیشک اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اور ان لوگوں سے جنہوں نے کہا

اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ

اِنَّا	نَصٰرٰٓى	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَهُمْ	فَنَسُوْا	حَظًّا	مِّمَّا	ذُكِّرُوْا بِهٖ	فَاَغْرَيْنَا	بَيْنَهُمُ
ہم	نصاریٰ	ہم نے لیا	اُن کا عہد	پھر وہ بھول گئے	ایک بڑا حصہ	اس سے جو	جس کی نصیحت کی گئی تھی	تو ہم نے لگادی	ان کے درمیان

ہم نصاریٰ ہیں، ہم نے ان کا عہد لیا، پھر وہ اس کا بڑا حصہ بھول گئے جس کی انہیں نصیحت کی گئی تھی تو ہم نے انکے درمیان لگا دیا

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا

الْعَدَاوَةَ	وَالْبَغْضَآءَ	اِلٰى	يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	وَسَوْفَ	يُنَبِّئُهُمُ	اللّٰهُ	بِمَا كَانُوْا
عداوت	اور بغض	تک	روزِ قیامت	اور جلد	انہیں جتا دے گا	اللہ	جو وہ

(ڈال دیا) روزِ قیامت تک عداوت اور بغض، اور اللہ جلد انہیں جتا دے گا جو وہ

يَصْنَعُوْنَ ﴿١٤﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ

يَصْنَعُوْنَ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	قَدْ جَآءَكُمْ	رَسُوْلُنَا	يُبَيِّنُ	لَكُمْ	كَثِيْرًا	مِّمَّا	كُنْتُمْ
کرتے تھے	اے اہل کتاب	یقیناً تمہارے پاس آگئے	ہمارے رسول	وہ ظاہر کرتے ہیں	تمہارے لئے	بہت سی باتیں	جو	تم تھے

کرتے تھے۔ اے اہل کتاب! یقیناً تمہارے پاس ہمارے رسول (محمد ﷺ) آگئے وہ تمہارے لئے (تم پر) بہت سی باتیں ظاہر کرتے ہیں جو تم

تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۬ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ

تُخْفُوْنَ	مِنَ الْكِتٰبِ	وَيَعْفُوْا	عَنْ كَثِيْرٍ	قَدْ جَآءَكُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	نُوْرٌ	وَّ
چھپاتے	کتاب سے	اور وہ درگزر کرتا ہے	بہت امور سے	تحقیق تمہارے پاس آگیا	اللہ سے	نور	اور

کتاب میں سے چھپاتے تھے، اور وہ بہت امور سے درگزر کرتے ہیں، تحقیق تمہارے پاس آگیا اللہ کی طرف سے نور اور

كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ

كِتٰبٌ	مُّبِيْنٌ	يَّهْدِيْ	بِهِ	اللّٰهُ	مَنِ اتَّبَعَ	رِضْوَانَهٗ	سُبُلَ	السَّلٰمِ	وَيُخْرِجُهُمْ
کتاب	روشن	ہدایت دیتا ہے	اس سے	اللہ	جو تابع ہوا	اس کی رضا	راہیں	سلامتی	اور وہ انہیں نکالتا ہے

اور روشن کتاب۔ اس سے اللہ سلامتی کی راہوں کی اسے ہدایت دیتا ہے جو اس کی رضا کے تابع ہوا اور وہ انہیں نکالتا ہے

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٦﴾

مِّنَ	الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	بِاِذْنِهٖ	وَيَهْدِيْهِمْ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ
سے	اندھیرے	نور کی طرف	اپنے حکم سے	اور انہیں ہدایت دیتا ہے	طرف	راستہ	سیدھا

اندھیروں سے نور کی طرف اپنے حکم سے، اور انہیں سیدھے راستے کی ہدایت دیتا ہے۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ

لَقَدْ كَفَرَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْمَسِيْحُ	ابْنُ مَرْيَمَ	قُلْ	فَمَنْ	يَّمْلِكُ
تحقیق کافر ہوگئے	جن لوگوں نے کہا		بیشک اللہ	وہی مسیح ؑ	ابن مریم	کہدیجئے	تو کس	بس چلتا ہے

تحقیق کافر ہوگئے وہ جن لوگوں نے کہا اللہ وہی مسیح ابن مریمؑ ہے۔ کہدیجئے تو کس کا بس چلتا ہے؟

مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي

مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اِنْ اَرَادَ	اَنْ يُّهْلِكَ	الْمَسِيْحَ	ابْنَ مَرْيَمَ	وَاُمَّهٗ	وَمَنْ	فِي
اللہ کے آگے	کچھ بھی	اگر وہ چاہے	کہ ہلاک کردے	مسیح ؑ	ابن مریم	اور اسکی ماں	اور جو	میں

اللہ کے آگے کچھ بھی۔ اگر وہ چاہے کہ مسیحؑ ابن مریمؑ کو اور اس کی ماں کو ہلاک کر دے اور جو

الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۭ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ

الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	يَخْلُقُ
زمین	سب	اور اللہ کے لئے	سلطنت	آسمانوں	اور زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان	وہ پیدا کرتا ہے

زمین میں ہے سب کو۔ اور اللہ کے لئے ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، وہ پیدا کرتا ہے

مَا يَشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٧﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ

مَا يَشَاۗءُ	وَاللّٰهُ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَقَالَتِ	الْيَهُوْدُ	وَالنَّصٰرٰى	نَحْنُ
جو وہ چاہتا ہے	اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت والا	اور کہا	یہود	اور نصاریٰ	ہم

جو وہ چاہتا ہے، اور اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے۔ اور یہود و نصاریٰ نے کہا ہم

اَبْنٰۗؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّاۗؤُهٗ ۭ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ

اَبْنٰۗؤُا	اللّٰهِ	وَاَحِبَّاۗؤُهٗ	قُلْ	فَلِمَ	يُعَذِّبُكُمْ	بِذُنُوْبِكُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	بَشَرٌ	مِّمَّنْ
بیٹے	اللہ	اور اس کے پیارے	کہدیجئے	پھر کیوں	تمہیں سزا دیتا ہے	تمہارے گناہوں پر	بلکہ	تم	بشر	ان میں سے

اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں کہدیجئے پھر وہ تمہارے گناہوں پر تمہیں سزا کیوں دیتا ہے؟ (نہیں) بلکہ تم بھی ایک بشر ہو اس کی

خَلَقَ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

خَلَقَ	يَغْفِرُ	لِمَنْ	يَّشَاۗءُ	وَيُعَذِّبُ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَلِلّٰهِ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ
اس نے پیدا کیا (مخلوق)	وہ بخشدیتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	اور عذاب دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور اللہ کے لئے	سلطنت	آسمانوں	اور

مخلوق میں سے۔ وہ جس کو چاہتا ہے بخشدیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے۔ اور اللہ کے لئے ہے سلطنت آسمانوں کی اور

الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۡ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿١٨﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلُنَا

الْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	وَاِلَيْهِ	الْمَصِيْرُ	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	قَدْ جَاۗءَكُمْ	رَسُوْلُنَا
زمین	اور جو	ان دونوں کے درمیان	اور اسی کی طرف	لوٹ کر جانا ہے	اے اہل کتاب	تحقیق تمہارے پاس آئے	ہمارے رسول

زمین کی اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اے اہل کتاب! تمہارے پاس ہمارے رسول (محمد ﷺ) آگئے

يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰي فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَاۗءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا

يُبَيِّنُ	لَكُمْ	عَلٰي	فَتْرَةٍ	مِّنَ	الرُّسُلِ	اَنْ	تَقُوْلُوْا	مَا جَاۗءَنَا	مِنْ	بَشِيْرٍ	وَّلَا
وہ کھول کر بیان کرتے ہیں	تمہارے لئے	پر (بعد)	سلسلہ ٹوٹ جانا	سے (کے)	رسول (جمع)	کہ کہیں	تم کہو	ہمارے پاس نہیں آیا	کوئی	خوشخبری دینے والا	اور نہ

وہ نبیوں کا سلسلہ ٹوٹ جانے کے بعد تم پر کھول کر بیان کرتے ہیں کہ کہیں تم یہ کہو ہمارے پاس کوئی خوشخبری سنانے والا نہیں آیا، اور نہ

۳ ع ۸ ۷

نَذِيرٍ فَقَدْ جَآءَكُم بَشِيرٌ وَنَذِيرٌ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٩﴾ وَإِذْ

نَذِيرٍ	فَقَدْ جَآءَكُم	بَشِيرٌ	وَنَذِيرٌ	وَاللَّهُ	عَلَىٰ	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيرٌ	وَإِذْ
ڈرانے والا	تحقیق تمہارے پاس آ گئے	خوشخبری سنانے والے	اور ڈرانے والے	اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت والا	اور جب

ڈرانے والا، تحقیق تمہارے پاس (محمدؐ) خوشخبری سنانے والے اور ڈرانے والے آ گئے، اور اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے۔ اور جب

قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنبِيَاءَ

قَالَ	مُوسَىٰ	لِقَوْمِهِ	يَا قَوْمِ	اذْكُرُوا	نِعْمَةَ اللَّهِ	عَلَيْكُمْ	إِذْ	جَعَلَ	فِيكُمْ	أَنبِيَاءَ
کہا	موسیٰ	اپنی قوم کو	اے میری قوم	تم یاد کرو	اللہ کی نعمت	اپنے اوپر	جب	اس نے پیدا کئے	تم میں	نبی (جمع)

موسیٰؑ نے اپنی قوم کو کہا "اے میری قوم! اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، جب اس نے تم میں نبی پیدا کئے

وَجَعَلَكُم مُّلُوكًا وَآتَاكُم مَّا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِّنَ الْعَالَمِينَ ﴿٢٠﴾ يَا قَوْمِ

وَجَعَلَكُم	مُّلُوكًا	وَآتَاكُم	مَّا	لَمْ يُؤْتِ	أَحَدًا	مِّنَ	الْعَالَمِينَ	يَا قَوْمِ
اور تمہیں بنایا	بادشاہ	اور تمہیں دیا	جو	نہیں دیا	کسی کو	سے	جہانوں میں	اے میری قوم

اور تمہیں بادشاہ بنایا اور تمہیں دیا جو جہانوں میں کسی کو نہیں دیا۔ اے میری قوم!

ادْخُلُوا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِكُمْ

ادْخُلُوا	الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ	الَّتِي	كَتَبَ اللَّهُ	لَكُمْ	وَلَا تَرْتَدُّوا	عَلَىٰ	أَدْبَارِكُمْ
داخل ہو	ارضِ مقدس (اس پاک سرزمین)	جو	اللہ نے لکھ دی	تمہارے لئے	اور نہ لوٹو	پر	اپنی پیٹھ

ارضِ مقدس میں داخل ہو جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دی ہے، اور اپنی پیٹھ پھیرتے ہوئے نہ لوٹو

فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ ﴿٢١﴾ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِنَّ فِيهَا قَوْمًا جَبَّارِينَ وَإِنَّا

فَتَنقَلِبُوا	خَاسِرِينَ	قَالُوا	يَا مُوسَىٰ	إِنَّ فِيهَا	قَوْمًا	جَبَّارِينَ	وَإِنَّا
ورنہ تم جا پڑو گے	نقصان میں	انہوں نے کہا	اے موسیٰؑ	بیشک اس میں	ایک قوم	زبردست	اور ہم بیشک

ورنہ تم نقصان میں جا پڑو گے۔ انہوں نے کہا اے موسیٰؑ! بیشک اس میں ایک زبردست قوم ہے، اور ہم

لَن نَّدْخُلَهَا حَتَّىٰ يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِن يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ ﴿٢٢﴾

لَن نَّدْخُلَهَا	حَتَّىٰ	يَخْرُجُوا	مِنْهَا	فَإِن	يَخْرُجُوا	مِنْهَا	فَإِنَّا	دَاخِلُونَ
ہرگز داخل نہ ہوں گے	یہاں تک کہ	وہ نکل جائیں	اس سے	پھر اگر	وہ نکلے	اس سے	تو ہم ضرور	داخل ہوں گے

وہاں ہرگز داخل نہ ہوں گے یہاں تک کہ وہ اس میں سے نکل جائیں، پھر اگر وہ اس میں سے نکلے تو ہم ضرور اس میں داخل ہوں گے۔

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ

قَالَ	رَجُلٰنِ	مِنَ الَّذِيْنَ	يَخَافُوْنَ	اَنْعَمَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمَا	ادْخُلُوْا	عَلَيْهِمُ	الْبَابَ
کہا	دو آدمی	ان لوگوں سے جو	ڈرنے والے	اللہ نے انعام کیا تھا	ان دونوں پر	تم داخل ہو	ان پر (حملہ کرو)	دروازہ

ڈرنے والوں میں سے دو آدمیوں نے کہا، اُن دونوں پر اللہ نے انعام کیا تھا کہ تم ان پر دروازہ سے (حملہ کرکے) داخل ہو جاؤ،

فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٣﴾

فَاِذَا	دَخَلْتُمُوْهُ	فَاِنَّكُمْ	غٰلِبُوْنَ	وَعَلَى اللّٰهِ	فَتَوَكَّلُوْٓا	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ
پس جب	تم داخل ہوگئے اس میں	تو تم	غالب آؤ گے	اور اللہ پر	بھروسہ رکھو	اگر تم ہو	ایمان والے

جب تم اس میں داخل ہوگئے تو تم ہی غالب ہو گئے، اور اللہ پر بھروسہ رکھو اگر تم ایمان والے ہو۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ

قَالُوْا	يٰمُوْسٰى	اِنَّا	لَنْ نَّدْخُلَهَا	اَبَدًا	مَا دَامُوْا	فِيْهَا	فَاذْهَبْ	اَنْتَ
انہوں نے کہا	اے موسیٰ	بیشک ہم	ہرگز وہاں داخل نہ ہوں گے	کبھی بھی	جب تک وہ ہیں	اس میں	سو تو جا	تو

اُنہوں نے کہا اے موسیٰ! جب تک وہ اس میں ہیں، ہم وہاں کبھی بھی ہرگز داخل نہ ہوں گے، سو تو جا،

وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ

وَرَبُّكَ	فَقَاتِلَا	اِنَّا	هٰهُنَا	قٰعِدُوْنَ	قَالَ	رَبِّ	اِنِّىْ	لَآ اَمْلِكُ	اِلَّا نَفْسِىْ
اور تیرا رب	تم دونوں لڑو	ہم	یہیں	بیٹھے ہیں	(موسیٰ نے) کہا	اے میرے رب	میں بیشک	اختیار نہیں رکھتا	اپنی جان کے سوا

اور تیرا ربؑ تم دونوں لڑو، ہم تو یہیں بیٹھے ہیں۔ موسیٰ نے کہا اے میرے رب! بیشک میں اختیار نہیں رکھتا سوائے اپنی جان کے

وَاَخِىْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ

وَاَخِىْ	فَافْرُقْ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَ	الْقَوْمِ	الْفٰسِقِيْنَ	قَالَ	فَاِنَّهَا	مُحَرَّمَةٌ
اور اپنا بھائی	پس جدائی کردے	ہمارے درمیان	اور درمیان	قوم	نافرمان	اس نے کہا	پس یہ	حرام کردی گئی

اور اپنے بھائی کے، پس ہمارے اور ہماری نافرمان قوم کے درمیان جدائی ڈال دے (فیصلہ کردے) اللہ نے کہا پس یہ سرزمین حرام کردی گئی

ع ٤ ٨

عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِى الْاَرْضِ ۗ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾

عَلَيْهِمْ	اَرْبَعِيْنَ	سَنَةً	يَتِيْهُوْنَ	فِى الْاَرْضِ	فَلَا تَاْسَ	عَلَى	الْقَوْمِ	الْفٰسِقِيْنَ
ان پر	چالیس	سال	بھٹکتے پھریں گے	زمین میں	تو افسوس نہ کر	پر	قوم	نافرمان

ان پر چالیس سال، وہ زمین میں بھٹکتے پھریں گے، تو نافرمان قوم پر افسوس نہ کر۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا

وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	ابْنَیْ اٰدَمَ	بِالْحَقِّ	اِذْ قَرَّبَا	قُرْبَانًا	فَتُقُبِّلَ	مِنْ	اَحَدِهِمَا
اور سُنا	انہیں	خبر	آدم کے دو بیٹے	احوال واقعی	جب دونوں نے پیش کی	کچھ نیاز	تو قبول کرلی گئی	سے	ان میں سے ایک

انہیں آدمؑ کے دو بیٹوں کا حال واقعی سُناؤ، جب دونوں نے کچھ نیاز پیش کی تو ان میں سے ایک کی قبول کر لی گئی

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ	مِنَ الْاٰخَرِ	قَالَ	لَاَقْتُلَنَّكَ	قَالَ	اِنَّمَا	يَتَقَبَّلُ	اللّٰهُ	مِنَ
اور نہ قبول کی گئی	دوسرے سے	اس نے کہا	میں ضرور تجھے مار ڈالونگا	اس نے کہا	بیشک صرف	قبول کرتا ہے	اللہ	سے

اور دوسرے سے قبول نہ کی گئی، اس نے (دوسرے بھائی کو) کہا میں تجھے ضرور مار ڈالوں گا، اس نے کہا اللہ صرف قبول کرتا ہے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَیَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِیْ مَاۤ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِیَ اِلَيْكَ

الْمُتَّقِيْنَ	لَئِنْ بَسَطْتَّ	اِلَیَّ	يَدَكَ	لِتَقْتُلَنِیْ	مَاۤ اَنَا	بِبَاسِطٍ	يَدِیَ	اِلَيْكَ
پرہیزگار (جمع)	البتہ اگر تو بڑھائے گا	میری طرف	اپنا ہاتھ	کہ مجھے قتل کرے	میں نہیں	بڑھانے والا	اپنا ہاتھ	تیری طرف

پرہیزگاروں سے۔ البتہ اگر تو میری طرف اپنا ہاتھ مجھے قتل کرنے کے لئے بڑھائے گا میں (پھر بھی) اپنا ہاتھ تیری طرف بڑھانے والا نہیں،

لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّیْۤ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنِّیْۤ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ

لِاَقْتُلَكَ	اِنِّیْ	اَخَافُ	اللّٰهَ	رَبَّ	الْعٰلَمِيْنَ	اِنِّیْ	اُرِيْدُ	اَنْ تَبُوْٓاَ
کہ تجھے قتل کروں	بیشک میں	ڈرتا ہوں	اللہ	پروردگار	سارے جہان	بیشک میں	چاہتا ہوں	کہ تو حاصل کرے

کہ تجھے قتل کروں، بیشک میں سارے جہان کے پروردگار اللہ سے ڈرتا ہوں۔ بیشک میں چاہتا ہوں کہ تو حاصل کرے (ذمہ دار ہو جائے) ج

بِاِثْمِیْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾

بِاِثْمِیْ	وَاِثْمِكَ	فَتَكُوْنَ	مِنْ	اَصْحٰبِ النَّارِ	وَذٰلِكَ	جَزٰٓؤُا	الظّٰلِمِيْنَ
میرا گناہ	اور اپنا گناہ	پھر تو ہو جائے	سے	جہنم والے	اور یہ	سزا	ظالم (جمع)

میرے گناہ کا اور اپنے گناہ کا، پھر تو جہنم والوں میں سے ہو جائے اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ

فَطَوَّعَتْ	لَهٗ	نَفْسُهٗ	قَتْلَ	اَخِيْهِ	فَقَتَلَهٗ	فَاَصْبَحَ	مِنَ	الْخٰسِرِيْنَ	فَبَعَثَ	اللّٰهُ
پھر راضی کیا	اس کو	اس کا نفس	قتل	اپنے بھائی	سو اس نے اس کو قتل کر دیا	تو ہو گیا وہ	سے	نقصان اٹھانے والے	پھر بھیجا	اللہ

پھر اس کو اس کے نفس نے اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کر لیا، اس نے اس کو قتل کر دیا تو نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گیا۔ پھر اللہ نے بھیجا

غُرَابًا يَّبۡحَثُ فِى الۡاَرۡضِ لِيُرِيَهٗ كَيۡفَ يُوَارِىۡ سَوۡءَةَ اَخِيۡهِ ؕ قَالَ

غُرَابًا	يَّبۡحَثُ	فِى الۡاَرۡضِ	لِيُرِيَهٗ	كَيۡفَ	يُوَارِىۡ	سَوۡءَةَ	اَخِيۡهِ	قَالَ
ایک کوّا	کرید تا تھا	زمین میں	تا کہ اُسے دکھائے	کیسے	وہ چھپائے	لاش	اپنا بھائی	اس نے کہا

ایک کوّا، زمین کرید تا، تاکہ وہ اُسے دکھائے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کیسے چھپائے۔ اس نے کہا

يٰوَيۡلَتٰۤى اَعَجَزۡتُ اَنۡ اَكُوۡنَ مِثۡلَ هٰذَا الۡغُرَابِ فَاُوَارِىَ سَوۡءَةَ اَخِىۡ ۚ

يٰوَيۡلَتٰۤى	اَعَجَزۡتُ	اَنۡ اَكُوۡنَ	مِثۡلَ	هٰذَا	الۡغُرَابِ	فَاُوَارِىَ	سَوۡءَةَ	اَخِىۡ
ہائے افسوس مجھ پر	مجھ سے نہ ہو سکا	کہ میں ہو جاؤں	جیسا	اس۔یہ	کوّا	پھر چھپاؤں	لاش	اپنا بھائی

ہائے افسوس! مجھ سے اتنا نہ ہو سکا کہ اس کوّے جیسا ہو جاؤں کہ اپنے بھائی کی لاش کو چھپاؤں '

فَاَصۡبَحَ مِنَ النّٰدِمِيۡنَ ﴿۳۱﴾ مِنۡ اَجۡلِ ذٰلِكَ ۛۚ كَتَبۡنَا عَلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ

فَاَصۡبَحَ	مِنَ	النّٰدِمِيۡنَ	مِنۡ	اَجۡلِ	ذٰلِكَ	كَتَبۡنَا	عَلٰى	بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ
پس وہ ہو گیا	سے	نادم ہونے والے	سے	وجہ	اس	ہم نے لکھدیا	پر	بنی اسرائیل

پس وہ نادم (پشیمان) ہونے والوں میں سے ہو گیا۔ اس وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر لکھ دیا

اَنَّهٗ مَنۡ قَتَلَ نَفۡسًۢا بِغَيۡرِ نَفۡسٍ اَوۡ فَسَادٍ فِى الۡاَرۡضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ

اَنَّهٗ	مَنۡ قَتَلَ	نَفۡسًا	بِغَيۡرِ نَفۡسٍ	اَوۡ فَسَادٍ	فِى الۡاَرۡضِ	فَكَاَنَّمَا	قَتَلَ
کہ جو جس	کوئی قتل کرے	کوئی جان	کسی جان کے بغیر	یا فساد کرنا	زمین (ملک) میں	تو گو یا	اس نے قتل کیا

کہ جس نے کسی ایک جان کو کسی جان کے (بدلے کے) بغیر یا ملک میں فساد کرنے کے بغیر قتل کیا تو گویا اس نے قتل کیا

النَّاسَ جَمِيۡعًا ؕ وَمَنۡ اَحۡيَاهَا فَكَاَنَّمَاۤ اَحۡيَا النَّاسَ جَمِيۡعًا ؕ وَلَقَدۡ جَآءَتۡهُمۡ

النَّاسَ	جَمِيۡعًا	وَمَنۡ	اَحۡيَاهَا	فَكَاَنَّمَا	اَحۡيَا	النَّاسَ	جَمِيۡعًا	وَ	لَقَدۡ جَآءَتۡهُمۡ
لوگ	تمام	اور جو جس	اسکو زندہ رکھا	تو گو یا	اسنے زندہ رکھا	لوگ	تمام	اور	ان کے پاس آ چکے

تمام لوگوں کو، اور جس نے (کسی ایک کو) زندہ رکھا (بچایا) تو گویا اس نے تمام لوگوں کو زندہ رکھا (بچالیا) اور ان کے پاس آ چکے

رُسُلُنَا بِالۡبَيِّنٰتِ ثُمَّ اِنَّ كَثِيۡرًا مِّنۡهُمۡ بَعۡدَ ذٰلِكَ فِى الۡاَرۡضِ لَمُسۡرِفُوۡنَ ﴿۳۲﴾

رُسُلُنَا	بِالۡبَيِّنٰتِ	ثُمَّ	اِنَّ	كَثِيۡرًا	مِّنۡهُمۡ	بَعۡدَ ذٰلِكَ	فِى الۡاَرۡضِ	لَمُسۡرِفُوۡنَ
ہمارے رسول	روشن دلائل کے ساتھ	پھر	بیشک	اکثر	ان میں سے	اس کے بعد	زمین (ملک) میں	حد سے بڑھنے والے

ہمارے رسول روشن دلائل کے ساتھ، پھر اس کے بعد ان میں سے اکثر ملک میں حد سے بڑھ جانے والے ہیں۔

إِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ

اِنَّمَا	جَزٰٓؤُا	الَّذِيْنَ	يُحَارِبُوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَ	يَسْعَوْنَ	فِي الْاَرْضِ
یہی	سزا	جو لوگ	جنگ کرتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسولؐ	اور	سعی کرتے ہیں	زمین (ملک) میں

یہی سزا ہے (اُن کی) جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ سے جنگ کرتے ہیں اور سعی کرتے ہیں ملک میں

فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ

فَسَادًا	اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا	اَوْ	يُصَلَّبُوْٓا	اَوْ	تُقَطَّعَ	اَيْدِيْهِمْ	وَاَرْجُلُهُمْ
فساد کرنے	کہ وہ قتل کئے جائیں	یا	وہ سُولی دیئے جائیں	یا	کاٹے جائیں	ان کے ہاتھ	اور ان کے پاؤں

فساد بپا کرنے کی کہ وہ قتل کئے جائیں یا سُولی دیئے جائیں، یا اُن کے ہاتھ اور پاؤں کاٹے جائیں

مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۭ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ

مِنْ	خِلَافٍ	اَوْ يُنْفَوْا	مِنَ الْاَرْضِ	ذٰلِكَ	لَهُمْ	خِزْيٌ	فِي الدُّنْيَا	وَلَهُمْ
سے	ایکدوسرے کے مخالف	یا ملک بدر کر دیئے جائیں	ملک سے	یہ	ان کے لئے	رسوائی	دنیا میں	اور ان کے لئے

مخالف جانب سے (ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کا پاؤں) یا ملک بدر کر دیئے جائیں، یہ ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے، اور ان کے لئے

فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۳۳ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا

فِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	تَابُوْا	مِنْ قَبْلِ	اَنْ	تَقْدِرُوْا
آخرت میں	عذاب	بڑا	مگر	وہ لوگ جنہوں نے توبہ کر لی		اس سے پہلے	کہ	تم قابو پاؤ

آخرت میں بڑا عذاب ہے ۔ مگر وہ لوگ جنہوں نے اس سے پہلے توبہ کر لی کہ تم قابو پاؤ

۵ ع ۸ ۹

عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۴ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا

عَلَيْهِمْ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اتَّقُوا
اُن پر	تو جان لو	کہ	اللہ	بخشنے والا	مہربان	اے	جو لوگ ایمان لائے	ڈرو

اُن پر، تو جان لو کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔ اے ایمان والو! ڈرو

اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۳۵

اللّٰهَ	وَابْتَغُوْٓا	اِلَيْهِ	الْوَسِيْلَةَ	وَجَاهِدُوْا	فِيْ	سَبِيْلِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ
اللہ	اور تلاش کرو	اس کی طرف	قرب	اور جہاد کرو	میں	اس کا راستہ	تاکہ تم	فلاح پاؤ

اللہ سے اور اس کی طرف (اس کا) قرب تلاش کرو اور اس کے راستہ میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ

اِنَّ	الَّذِیْنَ کَفَرُوْا	لَوْ	اَنَّ	لَهُمْ	مَا	فِی الْاَرْضِ	جَمِیْعًا	وَمِثْلَهٗ	مَعَهٗ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اگر	یہ کہ	انکے لئے	جو	زمین میں	سب کا سب	اور اتنا	اس کے ساتھ

جن لوگوں نے کفر کیا جو کچھ زمین میں ہے اگر سب کا سب اور اس کے ساتھ اور اتنا ہی اُن کے ساتھ ہو

لِیَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

لِیَفْتَدُوْا	بِهٖ	مِنْ	عَذَابِ	یَوْمِ الْقِیٰمَةِ	مَا	تُقُبِّلَ	مِنْهُمْ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ
کہ فدیہ (بدلہ میں) دیں	اسکے ساتھ	سے	عذاب	قیامت کا دن	نہ	قبول کیا جائے گا	اُن سے	اور ان کے لئے	عذاب

کہ وہ اس کو قیامت کے دن عذاب کے فدیہ (بدلہ) میں دیں تو وہ اُن سے قبول نہ کیا جائے گا، اور اُن کے لئے عذاب ہے

اَلِیْمٌ ﴿٣٦﴾ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِیْنَ مِنْهَا ۫ وَ

اَلِیْمٌ	یُرِیْدُوْنَ	اَنْ	یَخْرُجُوْا	مِنَ	النَّارِ	وَمَا	هُمْ	بِخٰرِجِیْنَ	مِنْهَا	وَ
دردناک	وہ چاہیں گے	کہ	وہ نکل جائیں	سے	آگ	حالانکہ نہیں	وہ	نکلنے والے	اس سے	اور

دردناک۔ وہ چاہیں گے کہ وہ آگ سے نکل جائیں، حالانکہ وہ اس سے نکلنے والے نہیں، اور

لَهُمْ عَذَابٌ مُّقِیْمٌ ﴿٣٧﴾ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَیْدِیَهُمَا

لَهُمْ	عَذَابٌ	مُّقِیْمٌ	وَالسَّارِقُ	وَالسَّارِقَةُ	فَاقْطَعُوْٓا	اَیْدِیَهُمَا
ان کے لئے	عذاب	ہمیشہ رہنے والا	اور چور مرد	اور چور عورت	کاٹ دو	ان دونوں کے ہاتھ

ان کے لئے ہمیشہ رہنے والا (دائمی) عذاب ہے۔ چور مرد اور چور عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ دو

جَزَآءًۢ بِمَا کَسَبَا نَکَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ﴿٣٨﴾ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ

جَزَآءً	بِمَا کَسَبَا	نَکَالًا	مِنَ	اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	عَزِیْزٌ	حَکِیْمٌ	فَمَنْ	تَابَ	مِنْ
سزا	اسکی جو انہوں نے کیا	عبرت	سے	اللہ	اور اللہ	غالب	حکمت والا	پس جو۔جس	توبہ کی	سے

یہ سزا ہے اس کی جو انہوں نے کیا، عبرت ہے اللہ کی طرف سے، اور اللہ غالب حکمت والا ہے ۔ پس جس نے توبہ کی

بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ یَتُوْبُ عَلَیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿٣٩﴾

بَعْدِ	ظُلْمِهٖ	وَاَصْلَحَ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	یَتُوْبُ + عَلَیْهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِیْمٌ
بعد	اپنا ظلم	اور اصلاح کی	تو بیشک	اللہ	اس کی توبہ قبول کرتا ہے	بیشک	اللہ	بخشنے والا	مہربان

اپنے ظلم کے بعد اور اصلاح کر لی تو بیشک اللہ اس کی توبہ قبول کرتا ہے، بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ

اَلَمْ تَعْلَمْ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	يُعَذِّبُ	مَنْ يَّشَآءُ
کیا تو نہیں جانتا	کہ	اللہ	اسی کی	سلطنت	آسمانوں	اور زمین	عذاب دے	جسے چاہے

کیا تو نہیں جانتا کہ اللہ ہی کی ہے سلطنت آسمانوں کی اور زمین کی ؟ وہ جسے چاہے عذاب دے،

وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤٠﴾ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ

وَيَغْفِرُ	لِمَنْ يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	يٰۤاَيُّهَا	الرَّسُوْلُ	لَا يَحْزُنْكَ
اور بخش دے	جس کو چاہے	اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت والا	اے	رسول	آپکو غمگین نہ کریں

اور جس کو چاہے بخش دے ، اور اللہ ہر شے پر قدرت والا ہے ۔ اے رسول ! آپ کو وہ لوگ غمگین نہ کریں

الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَ

الَّذِيْنَ	يُسَارِعُوْنَ	فِي	الْكُفْرِ	مِنَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْۤا	اٰمَنَّا	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَ
جو لوگ	جلدی کرتے ہیں	میں	کفر	سے	جو لوگ	انہوں نے کہا	ہم ایمان لائے	اپنے منہ سے (جمع)	اور

جو کفر میں جلدی کرتے ہیں ، وہ لوگ جو اپنے منہ سے کہتے ہیں ہم ایمان لائے ، حالانکہ

لَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ

لَمْ تُؤْمِنْ	قُلُوْبُهُمْ	وَمِنَ	الَّذِيْنَ هَادُوْا	سَمّٰعُوْنَ	لِلْكَذِبِ	سَمّٰعُوْنَ
مومن نہیں	اُن کے دل	اور سے	وہ لوگ جو یہودی ہوئے	جاسوسی کرتے ہیں	جھوٹ کے لئے	وہ جاسوس ہیں

ان کے دل مومن نہیں ، وہ جو یہودی ہوئے وہ جھوٹ کے لئے جاسوسی کرتے ہیں ، وہ جاسوس ہیں

لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ

لِقَوْمٍ	اٰخَرِيْنَ	لَمْ يَاْتُوْكَ	يُحَرِّفُوْنَ	الْكَلِمَ	مِنْ بَعْدِ	مَوَاضِعِهٖ
جماعت کے لئے	دوسری	وہ آپ تک نہیں آئے	وہ پھیر دیتے ہیں	کلام	بعد	اس کے ٹھکانے

ایک دوسری جماعت کے جو آپ تک نہیں آئے ، کلام کو پھیر دیتے (بدل ڈالتے) ہیں اس کے ٹھکانے کے بعد (ٹھکانہ چھوڑ کر)

يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ

يَقُوْلُوْنَ	اِنْ اُوْتِيْتُمْ	هٰذَا	فَخُذُوْهُ	وَاِنْ	لَمْ تُؤْتَوْهُ	فَاحْذَرُوْا	وَمَنْ
کہتے ہیں	اگر تمہیں دیا جائے	یہ	اس کو قبول کر لو	اور اگر	یہ تمہیں نہ دیا جائے	تو اس سے بچو	اور جو۔جس

کہتے ہیں اگر تمہیں یہ دیا جائے تو اس کو قبول کر لو ، اور اگر تمہیں نہ دیا جائے تو اس سے بچو ، اور جس کو

يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

يُّرِدِ اللّٰهُ	فِتْنَتَهٗ	فَلَنْ تَمْلِكَ	لَهٗ	مِنَ	اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
اللہ چاہے	گمراہ کرنا	تو ہرگز نہ آسکے گا	اسکے لئے	سے	اللہ	کچھ	یہی لوگ	وہ لوگ جو

اللہ گمراہ کرنا چاہے تو اس کے لئے تُو اللہ کے ہاں کچھ نہ کرسکے گا، یہی لوگ ہیں جنہیں

لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ ۚۖ وَّلَهُمْ

لَمْ يُرِدِ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّطَهِّرَ	قُلُوْبَهُمْ	لَهُمْ	فِى الدُّنْيَا	خِزْىٌ	وَّلَهُمْ
نہیں چاہا	اللہ	کہ	پاک کرے	ان کے دِل	ان کے لئے	دنیا میں	رسوائی	اوران کے لئے

اللہ نے نہیں چاہا کہ ان کے دل پاک کرے، ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے، اوران کے لئے

فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٤١﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ

فِى	الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	سَمّٰعُوْنَ	لِلْكَذِبِ	اَكّٰلُوْنَ	لِلسُّحْتِ	فَاِنْ
میں	آخرت	عذاب	بڑا	جاسوسی کرنے والے	جھوٹ کے لئے	بڑے کھانے والے	حرام	پس اگر

آخرت میں بڑا عذاب ہے۔ جھوٹ کے لئے جاسوسی کرنے والے، بڑے حرام کھانے والے، پس اگر

جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ

جَآءُوْكَ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ	اَوْ	اَعْرِضْ	عَنْهُمْ	وَاِنْ	تُعْرِضْ	عَنْهُمْ	فَلَنْ
آپؐ کے پاس آئیں	تو فیصلہ کردیں آپؐ	انکے درمیان	یا	مُنہ پھیرلیں	اُن سے	اوراگر	آپؐ منہ پھیرلیں	اُن سے	تو ہرگز

وہ آپؐ کے پاس آئیں تو آپؐ ان کے درمیان فیصلہ کردیں یا اُن سے مُنہ پھیرلیں، اوراگر آپؐ اُن سے منہ پھیرلیں تو ہرگز

يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

يَضُرُّوْكَ	شَيْـًٔا	وَاِنْ	حَكَمْتَ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ	بِالْقِسْطِ	اِنَّ اللّٰهَ	يُحِبُّ
آپؐ کا نہ بگاڑ سکیں گے	کچھ	اوراگر	آپ فیصلہ کریں	تو فیصلہ کریں	ان کے درمیان	انصاف سے	بیشک اللہ	دوست رکھتا ہے

آپؐ کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے، اوراگر آپؐ فیصلہ کریں تو ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کریں، بیشک اللہ دوست رکھتا ہے

الْمُقْسِطِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ

الْمُقْسِطِيْنَ	وَكَيْفَ	يُحَكِّمُوْنَكَ	وَعِنْدَهُمُ	التَّوْرٰىةُ	فِيْهَا	حُكْمُ اللّٰهِ
انصاف کرنے والے	اور کیسے	وہ آپؐ کو منصف بنائیں گے	جبکہ ان کے پاس	توریت	اس میں	اللہ کا حکم

انصاف کرنے والوں کو۔ اور وہ آپؐ کو کیسے منصف بنائیں گے جبکہ ان کے پاس توریت ہے، جس میں اللہ کا حکم ہے

٦ ع ٩ ١٠

ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٣﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا

ثُمَّ	يَتَوَلَّوْنَ	مِنْ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَمَا	اُولٰۗىِٕكَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	اِنَّا	اَنْزَلْنَا
پھر	پھر جاتے ہیں	بعد	اس	اور نہیں	وہ لوگ	ماننے والے	بیشک ہم	ہم نے نازل کی

پھر اس کے بعد وہ پھر جاتے ہیں، اور وہ لوگ ماننے والے نہیں ۔ بیشک ہم نے نازل کی

التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا

التَّوْرٰىةَ	فِيْهَا	هُدًى	وَنُوْرٌ	يَحْكُمُ	بِهَا	النَّبِيُّوْنَ	الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا
توراۃ	اس میں	ہدایت	اور نور	حکم دیتے تھے	اسکے ذریعہ	نبی (جمع)	جو فرماں بردار تھے

توریت ۔ اس میں ہدایت ہے اور نور ہے، اس کے ذریعہ ہمارے نبی حکم دیتے تھے، جو فرماں بردار تھے

لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ

لِلَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ	وَالْاَحْبَارُ	بِمَا	اسْتُحْفِظُوْا	مِنْ	كِتٰبِ اللّٰهِ
ان لوگوں کے لئے جو	یہودی ہوئے (یہود کو)	اللہ والے (درویش)	اور علماء	اس لئے کہ	وہ نگہبان کئے گئے	سے (کی)	اللہ کی کتاب

یہود کو اور درویش اور علماء (بھی) اس لئے کہ وہ اللہ کی کتاب کے نگہبان مقرر کئے گئے تھے

وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَاۗءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا

وَكَانُوْا	عَلَيْهِ	شُهَدَاۗءَ	فَلَا تَخْشَوُا	النَّاسَ	وَاخْشَوْنِ	وَ	لَا تَشْتَرُوْا
اور تھے	اس پر	نگران (گواہ)	پس نہ ڈرو	لوگ	اور ڈرو مجھ سے	اور	نہ خریدو (نہ حاصل کرو)

اور اس پر نگران تھے، پس تم لوگوں سے نہ ڈرو اور مجھ (ہی) سے ڈرو اور نہ حاصل کرو

بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٤٤﴾

بِاٰيٰتِيْ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	وَمَنْ	لَمْ يَحْكُمْ	بِمَا	اَنْزَلَ اللّٰهُ	فَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الْكٰفِرُوْنَ
میری آیتوں کے بدلے	قیمت	تھوڑی	اور جو	فیصلہ نہ کرے	اسکے مطابق جو	اللہ نے نازل کیا	سو یہی لوگ	وہ	کافر (جمع)

میری آیتوں کے بدلے تھوڑی قیمت، اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے نازل کیا ہے سو یہی لوگ کافر ہیں

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ

وَكَتَبْنَا	عَلَيْهِمْ	فِيْهَا	اَنَّ	النَّفْسَ	بِالنَّفْسِ	وَالْعَيْنَ	بِالْعَيْنِ	وَالْاَنْفَ
اور ہم نے لکھا (فرض کیا)	ان پر	اس میں	کہ	جان	جان کے بدلے	اور آنکھ	آنکھ کے بدلے	اور ناک

اور ہم نے اس (کتاب) میں اُن پر فرض کر دیا کہ جان کے بدلے جان، آنکھ کے بدلے آنکھ، اور ناک

بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ

بِالْاَنْفِ	وَالْاُذُنَ	بِالْاُذُنِ	وَالسِّنَّ	بِالسِّنِّ	وَالْجُرُوْحَ	قِصَاصٌ
ناک کے بدلے	اور کان	کان کے بدلے	اور دانت	دانت کے بدلے	اور زخموں (جمع)	بدلہ

ناک کے بدلے، اور کان کے بدلے کان، اور دانت کے بدلے دانت ہے، اور زخموں کا قصاص (بدلہ) ہے

فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ

فَمَنْ	تَصَدَّقَ	بِهٖ	فَهُوَ	كَفَّارَةٌ	لَّهٗ	وَمَنْ	لَّمْ يَحْكُمْ	بِمَا	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	فَاُولٰٓئِكَ
پھر جو جس	معاف کر دیا	اس کو	تو وہ	کفارہ	اسکے لئے	اور جو	فیصلہ نہیں کرتا	اسکے مطابق جو	نازل کیا	اللہ	تو یہی لوگ

پھر جس نے اس (قصاص) کو معاف کر دیا تو وہ اسکے لئے کفارہ ہے اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا جو اللہ نے نازل کیا تو یہی لوگ

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا

هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَقَفَّيْنَا	عَلٰٓى	اٰثَارِهِمْ	بِعِيْسَى	ابْنِ مَرْيَمَ	مُصَدِّقًا	لِّمَا
وہ	ظالم (جمع)	اور ہم نے پیچھے بھیجا	پر	اُن کے نشانِ قدم	عیسیٰؑ	ابن مریم	تصدیق کرنے والا	اس کی جو

ظالم ہیں۔ اور ہم نے عیسیٰؑ ابن مریمؑ کو اُن کے نشانِ قدم پر بھیجا، اس کی تصدیق کرنے والا

بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ

بَيْنَ يَدَيْهِ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَاٰتَيْنٰهُ	الْاِنْجِيْلَ	فِيْهِ	هُدًى	وَّنُوْرٌ
اس سے پہلے	سے	توریت	اور ہم نے اسے دی	انجیل	اس میں	ہدایت	اور نور

جو اس (عیسیٰؑ) سے پہلے توریت تھی، اور ہم نے اسے انجیل دی، اس میں ہدایت اور نور ہے

وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٦﴾ ؕ

وَمُصَدِّقًا	لِمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَهُدًى	وَمَوْعِظَةً	لِلْمُتَّقِيْنَ
اور تصدیق کرنے والی	اس کی جو	اس سے پہلے	سے	توریت	اور ہدایت	اور نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے

اور اس کی تصدیق کرنے والی ہے۔ جو اس سے پہلے توریت تھی اور پرہیزگاروں کے لئے ہدایت و نصیحت تھی۔

وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ

وَلْيَحْكُمْ	اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ	بِمَا	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	فِيْهِ	وَمَنْ	لَّمْ يَحْكُمْ	بِمَا
اور فیصلہ کریں	انجیل والے	اس کے ساتھ جو	نازل کیا	اللہ	اس میں	اور جو	فیصلہ نہیں کرتا	اسکے مطابق جو

اور انجیل والے اس کے ساتھ فیصلہ کریں جو اللہ نے اس میں نازل کیا، اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہیں کرتا

أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَأَنْزَلْنَآ إِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

أَنْزَلَ	اللّٰهُ	فَأُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	وَأَنْزَلْنَا	إِلَيْكَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ
نازل کیا	اللہ	تو یہی لوگ	وہ	فاسق (نافرمان)	اور ہم نے نازل کی	آپ کی طرف	کتاب	سچائی کے ساتھ

جو اللہ نے نازل کیا ہے تو یہی لوگ فاسق (نافرمان) ہیں۔ اور ہم نے آپؐ کی طرف کتاب سچائی کے ساتھ نازل کی

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ

مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	مِنَ	الْكِتٰبِ	وَمُهَيْمِنًا	عَلَيْهِ	فَاحْكُمْ	بَيْنَهُمْ
تصدیق کرنیوالی	اسکی جو	اس سے پہلے	سے	کتاب	اور نگہبان و محافظ	اس پر	سو فیصلہ کریں	ان کے درمیان

اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرنے والی اور اس پر نگہبان و محافظ، سو ان کے درمیان فیصلہ کریں

بِمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۗ لِكُلٍّ جَعَلْنَا

بِمَا	أَنْزَلَ	اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعْ	أَهْوَآءَهُمْ	عَمَّا	جَآءَكَ	مِنَ	الْحَقِّ	لِكُلٍّ	جَعَلْنَا
اس سے جو	نازل کیا	اللہ	اور	نہ پیروی کریں	انکی خواہشات	اس سے	تمہارے پاس آگیا	سے	حق	ہر ایک کیلئے	ہم نے مقرر کیا ہے

اس سے جو اللہ نے نازل کیا اور انکی خواہشات کی پیروی نہ کریں اس کے بعد (جبکہ) تمہارے پاس حق آگیا ہم نے مقرر کیا ہے تم میں سے ہر ایک کے لئے

مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۚ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ

مِنْكُمْ	شِرْعَةً	وَّمِنْهَاجًا	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَجَعَلَكُمْ	أُمَّةً	وَّاحِدَةً	وَّلٰكِنْ
تم میں سے	دستور	اور راستہ	اور اگر	اللہ چاہتا	تو تمہیں کردیتا	اُمّت	واحدہ (ایک)	اور لیکن

(الگ) دستور اور (جُدا) راستہ، اور اگر اللہ چاہتا تو تمہیں اُمّت واحدہ (ایک امت) کردیتا، لیکن (وہ چاہتا ہے)

لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۗ إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا

لِّيَبْلُوَكُمْ	فِيْ	مَا	اٰتٰىكُمْ	فَاسْتَبِقُوا	الْخَيْرٰتِ	إِلَى	اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا
تاکہ تمہیں آزمائے	میں	جو	اس نے تمہیں دیا	پس سبقت کرو	نیکیاں	طرف	اللہ	تمہیں لوٹنا	سب کو

تاکہ وہ تمہیں اس میں آزمائے جو اس نے تمہیں دیا ہے، پس نیکیوں میں سبقت کرو، تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَأَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ أَنْزَلَ

فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ	وَأَنِ	احْكُمْ	بَيْنَهُمْ	بِمَا	أَنْزَلَ
وہ تمہیں بتلادے گا	جو	تم تھے	اس میں	اختلاف کرتے	اور یہ کہ	فیصلہ کریں	ان کے درمیان	اس سے جو	نازل کیا

وہ تمہیں بتلادے گا جس بات میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اور یہ کہ ان کے درمیان فیصلہ کریں اس سے جو نازل کیا

اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ

اللّٰهُ	وَ	لَا تَتَّبِعْ	اَهْوَآءَهُمْ	وَاحْذَرْهُمْ	اَنْ	يَّفْتِنُوْكَ	عَنْ	بَعْضِ	مَا	اَنْزَلَ
اللہ	اور	نہ چلو	ان کی خواہشیں	اوران سے بچتے رہو	کہ	بہکانہ دیں	سے	بعض (کسی)	جو	نازل کیا

اللہ نے، اور اُن کی خواہشوں پر نہ چلو اور ان سے بچتے رہو کہ تمہیں بہکا نہ دیں کسی (ایسے حکم) سے جو نازل کیا ہے

اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ

اللّٰهُ	اِلَيْكَ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاعْلَمْ	اَنَّمَا	يُرِيْدُ	اللّٰهُ	اَنْ	يُّصِيْبَهُمْ	بِبَعْضِ
اللہ	آپ کی طرف	پھر اگر	وہ منہ پھیرلیں	توجان لو	صرف یہی	چاہتا ہے	اللہ	کہ	انہیں پہنچائے	بسبب بعض

اللہ نے آپ کی طرف پھر اگر وہ منہ پھیرلیں تو جان لو کہ اللہ صرف یہی چاہتا ہے کہ انہیں (سزا) پہنچائے ان کے بعض

ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ۝٤٩ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ

ذُنُوْبِهِمْ	وَاِنَّ	كَثِيْرًا	مِّنَ	النَّاسِ	لَفٰسِقُوْنَ	اَفَحُكْمَ	الْجَاهِلِيَّةِ
ان کے گناہ	اور بیشک	اکثر	سے	لوگ	نافرمان	کیا حکم	جاہلیت

گناہوں کے سبب، اور ان میں سے اکثر لوگ نافرمان ہیں۔ کیا وہ (دور) جاہلیت کا حکم (رسم و رواج)

۷ ع ۱۱

يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝٥٠ يٰۤاَيُّهَا

يَبْغُوْنَ	وَمَنْ	اَحْسَنُ	مِنَ	اللّٰهِ	حُكْمًا	لِّقَوْمٍ	يُّوْقِنُوْنَ	يٰۤاَيُّهَا
وہ چاہتے ہیں	اورکس	بہترین	سے	اللہ	حکم	لوگوں کے لئے	یقین رکھتے ہیں	اے

چاہتے ہیں ؟ اور اللہ سے بہترین حکم کس کا ہے ان لوگوں کے لئے جو یقین رکھتے ہیں ؟ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ ؔۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوْا	الْيَهُوْدَ	وَالنَّصٰرٰى	اَوْلِيَآءَ	بَعْضُهُمْ	اَوْلِيَآءُ
جولوگ	ایمان لائے	نہ بناؤ	یہود	اور نصاریٰ	دوست	ان میں سے بعض	دوست

ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ اُن میں سے بعض دوست ہیں

بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ

بَعْضٍ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّهُمْ	مِّنْكُمْ	فَاِنَّهٗ	مِنْهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يَهْدِى	الْقَوْمَ
بعض (دوسرے)	اور جو	ان سے دوستی رکھے گا	تم میں سے	تو بیشک وہ	ان سے	بیشک	اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ

بعض کے (ایکدوسرے کے دوست ہیں) اور تم میں سے جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو بیشک وہ اُن میں سے ہوگا، بیشک اللہ ہدایت نہیں دیتا

الظّٰلِمِيْنَ ⑤١ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ

الظّٰلِمِيْنَ	فَتَرَى	الَّذِيْنَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ	يُّسَارِعُوْنَ	فِيْهِمْ
ظالم	پس تو دیکھے گا	وہ لوگ جو	میں	ان کے دل	روگ	دوڑتے ہیں	ان میں (ان کی طرف)

ظالم لوگوں کو۔ پس تو دیکھے گا جن لوگوں کے دلوں میں روگ ہے وہ ان (یہود و نصاریٰ) کی طرف دوڑتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ۭ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ

يَقُوْلُوْنَ	نَخْشٰى	اَنْ	تُصِيْبَنَا	دَآئِرَةٌ	فَعَسَى	اللّٰهُ	اَنْ	يَّاْتِيَ + بِالْفَتْحِ
کہتے ہیں	ہمیں ڈر ہے	کہ	ہم پر (نہ) آجائے	گردش	سو قریب ہے	اللہ	کہ	لائے + فتح

وہ کہتے ہیں ہمیں ڈر ہے کہ ہم پر گردش (زمانہ) نہ آجائے ، سو قریب ہے کہ اللہ فتح لائے

اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ۭ ⑤٢

اَوْ اَمْرٍ	مِّنْ	عِنْدِهٖ	فَيُصْبِحُوْا	عَلٰى	مَا	اَسَرُّوْا	فِيْ	اَنْفُسِهِمْ	نٰدِمِيْنَ
یا کوئی حکم	سے	اپنے پاس	تو رہ جائیں	پر	جو	وہ چھپاتے تھے	میں	اپنے دل (جمع)	پچھتانے والے

یا اپنے پاس سے کوئی حکم (لائے) تو وہ اپنے دلوں میں جو چھپاتے تھے اس پر پچھتاتے رہ جائیں۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ

وَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اَهٰٓؤُلَاۗءِ	الَّذِيْنَ	اَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ	اَيْمَانِهِمْ	اِنَّهُمْ
اور کہتے ہیں	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	کیا یہ وہی ہیں	جو لوگ	قسمیں کھاتے تھے	اللہ کی	پکی	اپنی قسمیں	کہ وہ

اور مومن کہتے ہیں کیا یہ وہی لوگ ہیں ؟ جو اللہ کی پکی قسمیں کھاتے تھے کہ وہ

لَمَعَكُمْ ۭ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ⑤٣ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

لَمَعَكُمْ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ	فَاَصْبَحُوْا	خٰسِرِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
تمہارے ساتھ	اکارت گئے	ان کے عمل	پس رہ گئے	نقصان اٹھانے والے	اے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)

تمہارے ساتھ ہیں۔ اُن کے عمل اکارت گئے پس وہ نقصان اٹھانے والے (ہوکر) رہ گئے ۔ اے ایمان والو!

مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ

مَنْ	يَّرْتَدَّ	مِنْكُمْ	عَنْ	دِيْنِهٖ	فَسَوْفَ	يَاْتِي اللّٰهُ	بِقَوْمٍ	يُّحِبُّهُمْ	وَيُحِبُّوْنَهٗ
جو	پھرے گا	تم سے	سے	اپنا دین	تو عنقریب	لائے گا اللہ	ایسی قوم	وہ انہیں محبوب رکھتا ہے	اور وہ اسے محبوب رکھتے ہیں

تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھرے گا تو عنقریب اللہ ایسی قوم لائے گا جنہیں وہ محبوب رکھتا ہے اور وہ اسے محبوب رکھتے ہیں

أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِينَ يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ

أَذِلَّةٍ	عَلَى	الْمُؤْمِنِينَ	أَعِزَّةٍ	عَلَى	الْكٰفِرِينَ	يُجَاهِدُونَ	فِي	سَبِيلِ
نرم دل	پر	مومن (جمع)	زبردست	پر	کافر (جمع)	جہاد کرتے ہیں	میں	راستہ

وہ مومنوں پر نرم دل ہیں، کافروں پر زبردست ہیں، اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہیں "

اللّٰهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۚ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَآءُ ۚ

اللّٰهِ	وَ	لَا يَخَافُونَ	لَوْمَةَ	لَآئِمٍ	ذٰلِكَ	فَضْلُ	اللّٰهِ	يُؤْتِيهِ	مَنْ يَشَآءُ
اللہ	اور	نہیں ڈرتے	ملامت	کوئی ملامت کرنیوالا	یہ	فضل	اللہ	وہ دیتا ہے	جسے چاہتا ہے

اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے، یہ اللہ کا فضل ہے وہ جس کو چاہتا ہے دیتا ہے "

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿٥٤﴾ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ

وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيمٌ	إِنَّمَا	وَلِيُّكُمُ	اللّٰهُ	وَرَسُولُهُ	وَ	الَّذِينَ آمَنُوا	الَّذِينَ
اور اللہ	وسعت والا	علم والا	اسکے سوا نہیں (صرف)	تمہارا رفیق	اللہ	اور اس کا رسول	اور	جو لوگ ایمان لائے	جو لوگ

اور اللہ وسعت والا، علم والا ہے - تمہارا رفیق تو صرف اللہ ہے اور اس کا رسول، اور ایمان والے، اور وہ جو

يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُونَ ﴿٥٥﴾ وَمَنْ يَتَوَلَّ اللّٰهَ وَ

يُقِيمُونَ	الصَّلٰوةَ	وَيُؤْتُونَ	الزَّكٰوةَ	وَهُمْ	رٰكِعُونَ	وَمَنْ	يَتَوَلَّ	اللّٰهَ	وَ
قائم کرتے ہیں	نماز	اور دیتے ہیں	زکوٰۃ	اور وہ	رکوع کرنیوالے	اور جو	دوست رکھتے ہیں	اللہ	اور

نماز قائم کرتے ہیں، اور زکوٰۃ دیتے ہیں، اور (اللہ کے حضور) رکوع کرنے والے ہیں - جو دوست رکھے اللہ اور

٨ ع ١٢

رَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُونَ ﴿٥٦﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ

رَسُولَهُ	وَ	الَّذِينَ آمَنُوا	فَإِنَّ	حِزْبَ اللّٰهِ	هُمُ	الْغٰلِبُونَ	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِينَ
اس کا رسول	اور	جو لوگ ایمان لائے (ایمان والے)	تو بیشک	اللہ کی جماعت	وہ	غالب (جمع)	اے	جو لوگ

اس کے رسولؐ کو اور ایمان والوں کو، تو بیشک اللہ کی جماعت ہی (سب پر) غالب ہو گی - اے

آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا مِنَ الَّذِينَ

آمَنُوا	لَا تَتَّخِذُوا	الَّذِينَ اتَّخَذُوا	دِينَكُمْ	هُزُوًا	وَلَعِبًا	مِنَ	الَّذِينَ
ایمان لائے (ایمان والے)	نہ بناؤ	جو لوگ ٹھہراتے ہیں	تمہارا دین	ایک مذاق	اور کھیل	سے	وہ لوگ - جو

ایمان والو! (دوست) نہ بناؤ ان لوگوں کو جو تمہارے دین کو ایک مذاق اور کھیل ٹھہراتے ہیں (یعنی وہ) جنہیں

أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاءَ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿٥٧﴾

اُوْتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَالْكُفَّارَ	اَوْلِيَآءَ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	اِنْ كُنْتُمْ	مُؤْمِنِيْنَ
کتاب دیئے گئے	تم سے قبل	اور کافر	دوست	اور ڈرو	اللہ	اگر تم ہو	ایمان والے

تم سے پہلے کتاب دی گئی اور کافروں کو دوست نہ بناؤ اور اللہ سے ڈرو اگر تم ایمان والے ہو۔

وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَلَعِبًا ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ

وَاِذَا	نَادَيْتُمْ	اِلَى	الصَّلٰوةِ	اتَّخَذُوْهَا	هُزُوًا	وَلَعِبًا	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ
اور جب	تم پکارتے ہو	طرف (لئے)	نماز	وہ اسے ٹھہراتے ہیں	ایک مذاق	اور کھیل	یہ	اس لئے کہ وہ	لوگ

اور جب تم نماز کے لئے پکارتے ہو (اذان دیتے ہو) تو وہ اسے ایک مذاق اور کھیل ٹھہراتے ہیں، یہ اس لئے ہے کہ وہ لوگ

لَا يَعْقِلُونَ ﴿٥٨﴾ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ هَلْ تَنْقِمُونَ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا

لَا يَعْقِلُوْنَ	قُلْ	يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ	هَلْ تَنْقِمُوْنَ	مِنَّا	اِلَّآ	اَنْ	اٰمَنَّا
عقل نہیں رکھتے ہیں (بے عقل)	آپ کہہ دیں	اے اہل کتاب	کیا ضد رکھتے ہو	ہم سے	مگر	یہ کہ	ہم ایمان لائے

عقل نہیں رکھتے ہیں۔ آپ کہہ دیں اے اہل کتاب! کیا تم ہم سے یہی ضد رکھتے ہو (انتقام لیتے ہو) کہ ہم ایمان لائے

بِاللَّهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فَاسِقُونَ ﴿٥٩﴾

بِاللّٰهِ	وَمَا	اُنْزِلَ	اِلَيْنَا	وَمَا	اُنْزِلَ	مِنْ قَبْلُ	وَاَنَّ	اَكْثَرَكُمْ	فٰسِقُوْنَ
اللہ پر	اور جو	نازل کیا گیا	ہماری طرف	اور جو	نازل کیا گیا	اس سے قبل	اور یہ کہ	تم میں اکثر	نافرمان

اللہ پر اور اس پر جو ہماری طرف نازل کیا گیا، اور جو اس سے قبل نازل کیا گیا، اور یہ کہ تم میں سے اکثر نافرمان ہیں۔

قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِنْ ذَٰلِكَ مَثُوبَةً عِنْدَ اللَّهِ ۚ مَنْ لَعَنَهُ اللَّهُ

قُلْ	هَلْ	اُنَبِّئُكُمْ	بِشَرٍّ	مِنْ	ذٰلِكَ	مَثُوْبَةً	عِنْدَ	اللّٰهِ	مَنْ	لَعَنَهُ	اللّٰهُ
آپ کہہ دیں	کیا	تمہیں تبلاؤں	بدتر	سے	اس	ٹھکانہ (جزا)	ہاں	اللہ	جو۔جس	اس پر لعنت کی	اللہ

آپ کہہ دیں کیا میں تمہیں تبلاؤں؟ اس سے بدتر جزا (کس کی ہے) اللہ کے ہاں (وہی) جس پر اللہ نے لعنت کی

وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوتَ ۚ

وَغَضِبَ	عَلَيْهِ	وَجَعَلَ	مِنْهُمُ	الْقِرَدَةَ	وَالْخَنَازِيْرَ	وَعَبَدَ	الطَّاغُوْتَ
اور غضب کیا	اس پر	اور بنا دیا	ان سے	بندر (جمع)	اور خنزیر (جمع)	اور غلامی	طاغوت

اور اس پر غضب کیا، اور ان میں سے بنا دیئے بندر اور خنزیر، اور (انہوں نے) طاغوت (سرکش شیطان) کی غلامی کی۔

أُولَٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّأَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيلِ ﴿٦٠﴾ وَإِذَا جَآءُوكُمْ قَالُوٓا

اُولٰٓئِكَ	شَرٌّ	مَّكَانًا	وَّاَضَلُّ	عَنْ	سَوَآءِ	السَّبِيْلِ	وَاِذَا	جَآءُوْكُمْ	قَالُوْٓا
وہی لوگ	بدترین	درجہ میں	بہت بھکے ہوئے	سے	سیدھا	راستہ	اور جب	تمہارے پاس آئیں	کہتے ہیں

وہی لوگ بدترین درجہ میں ہیں، اور سیدھے راستے سے سب سے زیادہ بھکے ہوئے ہیں۔ اور جب تمہارے پاس آئیں تو کہتے ہیں

اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

اٰمَنَّا	وَقَدْ دَّخَلُوْا	بِالْكُفْرِ	وَهُمْ	قَدْ خَرَجُوْا	بِهٖ	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا
ہم ایمان لائے	حالانکہ وہ داخل ہوئے (آئے)	کفر کی حالت میں	اور وہ	نکلے چلے گئے	اس (کفر) کے ساتھ	اور اللہ	خوب جانتا ہے	وہ جو

ہم ایمان لائے حالانکہ آئے تھے تو کفر کی حالت میں، اور نکلے تو کفر کے ساتھ، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ

كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ

كَانُوْا	يَكْتُمُوْنَ	وَتَرٰى	كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	يُسَارِعُوْنَ	فِى	الْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ
تھے	چھپاتے	اور تو دیکھے گا	بہت	ان سے	وہ جلدی کرتے ہیں	میں	گناہ	اور سرکشی

چھپاتے تھے۔ اور تو دیکھے گا ان میں سے بہت سے جلدی کرتے ہیں گناہ اور سرکشی میں،

وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٢﴾ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ

وَاَكْلِهِمُ	السُّحْتَ	لَبِئْسَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	لَوْ	لَا يَنْهٰهُمُ
اور ان کا کھانا	حرام	برا ہے	جو	وہ کر رہے ہیں	کیوں	انہیں منع نہیں کرتے

اور حرام کھانے میں، برا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ انہیں کیوں منع نہیں کرتے؟

الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۚ

الرَّبّٰنِيُّوْنَ	وَالْاَحْبَارُ	عَنْ	قَوْلِهِمُ	الْاِثْمَ	وَاَكْلِهِمُ	السُّحْتَ
اللہ والے (درویش)	اور علماء	سے	ان کے کہنے کے	گناہ	اور ان کا کھانا	حرام

درویش اور علماء گناہ (کی بات) کہنے سے، اور ان کے حرام کھانے سے،

لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ۚ غُلَّتْ

لَبِئْسَ	مَا	كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ	وَقَالَتِ	الْيَهُوْدُ	يَدُ اللّٰهِ	مَغْلُوْلَةٌ	غُلَّتْ
برا ہے	جو	وہ کر رہے ہیں	اور کہا (کہتے ہیں)	یہود	اللہ کا ہاتھ	بندھا ہوا	باندھ دیئے جائیں

برا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔ اور یہود کہتے ہیں اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے (اللہ تنگدست ہے)، باندھ دیئے جائیں

وقف لازم

اَيۡدِيۡهِمۡ وَلُعِنُوۡا بِمَا قَالُوۡا ۘ بَلۡ يَدٰهُ مَبۡسُوۡطَتٰنِ ۙ يُنۡفِقُ كَيۡفَ

اَيۡدِيۡهِمۡ	وَلُعِنُوۡا	بِمَا	قَالُوۡا	بَلۡ	يَدٰهُ	مَبۡسُوۡطَتٰنِ	يُنۡفِقُ	كَيۡفَ
ان کے ہاتھ	اور ان پر لعنت کی گئی	اس سے جو	انہوں نے کہا	بلکہ	اس کے (اللہ کے) ہاتھ	کشادہ ہیں	وہ خرچ کرتا ہے	جیسے

ان کے ہاتھ اور جو انہوں نے کہا اس سے اُن پر لعنت کی گئی۔ بلکہ اللہ کے ہاتھ کشادہ ہیں، وہ خرچ کرتا ہے جیسے

يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيۡدَنَّ كَثِيۡرًا مِّنۡهُمۡ مَّآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ مِنۡ رَّبِّكَ طُغۡيَانًا

يَشَآءُ	وَلَيَزِيۡدَنَّ	كَثِيۡرًا	مِّنۡهُمۡ	مَّآ اُنۡزِلَ	اِلَيۡكَ	مِنۡ	رَّبِّكَ	طُغۡيَانًا
وہ چاہتا ہے	اور ضرور بڑھے گی	بہت سے	اُن سے	جو نازل کیا گیا	آپ کی طرف	سے	آپ کا رب	سرکشی

وہ چاہتا ہے اور جو آپ پر آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا اس سے ان میں سے بہتوں کی سرکشی ضرور بڑھے گی

وَّكُفۡرًا ؕ وَاَلۡقَيۡنَا بَيۡنَهُمُ الۡعَدَاوَةَ وَالۡبَغۡضَآءَ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ ؕ

وَّكُفۡرًا	وَاَلۡقَيۡنَا	بَيۡنَهُمُ	الۡعَدَاوَةَ	وَالۡبَغۡضَآءَ	اِلٰى	يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ
اور کفر	اور ہم نے ڈال دیا	ان کے اندر	دشمنی	اور بغض (بَیر)	تک	قیامت کا دن

اور کفر، اور ہم نے ان کے اندر قیامت کے دن تک کے لئے دشمنی اور بیر ڈال دیا ہے،

كُلَّمَاۤ اَوۡقَدُوۡا نَارًا لِّلۡحَرۡبِ اَطۡفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسۡعَوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ فَسَادًا ؕ

كُلَّمَاۤ	اَوۡقَدُوۡا	نَارًا	لِّلۡحَرۡبِ	اَطۡفَاَهَا	اللّٰهُ	وَيَسۡعَوۡنَ	فِى الۡاَرۡضِ	فَسَادًا
جب کبھی	بھڑکاتے ہیں	آگ	لڑائی کی	اسے بجھا دیتا ہے	اللہ	اور وہ دوڑتے ہیں	زمین (ملک) میں	فساد کرتے

وہ جب کبھی لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ اُسے بجھا دیتا ہے اور وہ ملک میں فساد کرتے ہوئے دوڑتے ہیں (فساد بپا کرتے ہیں)

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الۡمُفۡسِدِيۡنَ ﴿٦٤﴾ وَلَوۡ اَنَّ اَهۡلَ الۡكِتٰبِ اٰمَنُوۡا وَاتَّقَوۡا

وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	الۡمُفۡسِدِيۡنَ	وَلَوۡ	اَنَّ	اَهۡلَ الۡكِتٰبِ	اٰمَنُوۡا	وَاتَّقَوۡا
اور اللہ	پسند نہیں کرتا	فساد کرنے والے	اور اگر	یہ کہ	اہل کتاب	ایمان لاتے	اور پرہیزگاری کرتے

اور اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے

لَكَفَّرۡنَا عَنۡهُمۡ سَيِّاٰتِهِمۡ وَلَاَدۡخَلۡنٰهُمۡ جَنّٰتِ النَّعِيۡمِ ﴿٦٥﴾ وَلَوۡ اَنَّهُمۡ

لَكَفَّرۡنَا	عَنۡهُمۡ	سَيِّاٰتِهِمۡ	وَ	لَاَدۡخَلۡنٰهُمۡ	جَنّٰتِ النَّعِيۡمِ	وَلَوۡ	اَنَّهُمۡ
البتہ ہم دور کر دیتے	ان سے	ان کی برائیاں	اور	ضرور ہم انہیں داخل کرتے	نعمت کے باغات	اور اگر	وہ

تو ہم البتہ ان سے اُن کی برائیاں دور کر دیتے اور نعمت کے باغات میں ضرور داخل کرتے۔ اور اگر وہ

أَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْإِنْجِيلَ وَمَآ أُنْزِلَ إِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَأَكَلُوا

أَقَامُوا	التَّوْرٰىةَ	وَالْإِنْجِيلَ	وَمَا	أُنْزِلَ	إِلَيْهِمْ	مِنْ	رَّبِّهِمْ	لَأَكَلُوا
قائم رکھتے	توریت	اور انجیل	اور جو	نازل کیا گیا	انکی طرف (اُن پر)	سے	ان کا رب	تو وہ کھاتے

توریت اور انجیل قائم رکھتے اور جو اُن کے رب کی طرف سے اُن پر نازل کیا گیا تو وہ کھاتے

مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ ۚ مِنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ

مِنْ	فَوْقِهِمْ	وَمِنْ	تَحْتِ	أَرْجُلِهِمْ	مِنْهُمْ	أُمَّةٌ	مُّقْتَصِدَةٌ	وَكَثِيرٌ	مِّنْهُمْ
سے	اپنے اوپر	اور سے	نیچے	اپنے پاؤں	ان سے	ایک جماعت	سیدھی راہ پر (میانہ رو)	اور اکثر	اُن سے

اپنے اوپر سے، اور اپنے پاؤں کے نیچے سے، ان میں سے ایک جماعت میانہ رو ہے، اور اُن میں سے اکثر

٩ ع ١٠ ١٣

سَآءَ مَا يَعْمَلُونَ ﴿٦٦﴾ يٰٓأَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَآ أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۖ وَ

سَآءَ	مَا يَعْمَلُونَ	يٰٓأَيُّهَا	الرَّسُولُ	بَلِّغْ	مَآ أُنْزِلَ	إِلَيْكَ	مِنْ	رَّبِّكَ	وَ
بُرا	جو وہ کرتے ہیں	اے	رسولؐ	پہنچا دو	جو نازل کیا گیا	تمہاری طرف (تم پر)	سے	تمہارا رب	اور

بُرے کام کرتے ہیں۔ اے رسولؐ! پہنچا دو جو آپؐ کے رب کی طرف سے آپؐ پر نازل کیا گیا ہے، اور

إِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسٰلَتَهٗ ۚ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۗ إِنَّ اللّٰهَ

إِنْ	لَّمْ تَفْعَلْ	فَمَا	بَلَّغْتَ	رِسٰلَتَهٗ	وَاللّٰهُ	يَعْصِمُكَ	مِنَ	النَّاسِ	إِنَّ	اللّٰهَ
اگر	یہ نہ کیا	تو نہیں	آپؐ نے پہنچایا	اس کا پیغام	اور اللہ	آپؐ کو بچالے گا	سے	لوگ	بیشک	اللہ

اگر یہ نہ کیا تو (گویا) آپؐ نے اس کا پیغام نہیں پہنچایا، اور اللہ آپؐ کو لوگوں سے بچالے گا، بیشک اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِينَ ﴿٦٧﴾ قُلْ يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى

لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الْكٰفِرِينَ	قُلْ	يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ	لَسْتُمْ	عَلٰى شَيْءٍ	حَتّٰى
ہدایت نہیں دیتا	قوم کفار	آپ کہدیں	اے اہل کتاب	تم نہیں ہو	کسی چیز پر (کچھ بھی)	جب تک

قوم کفار کو ہدایت نہیں دیتا۔ آپؐ کہدیں' اے اہل کتاب! تم کچھ بھی نہیں ہو جب تک

تُقِيمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْإِنْجِيلَ وَمَآ أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ وَلَيَزِيدَنَّ

تُقِيمُوا	التَّوْرٰىةَ	وَالْإِنْجِيلَ	وَمَا	أُنْزِلَ	إِلَيْكُمْ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	وَلَيَزِيدَنَّ
تم قائم کرو	توریت	اور انجیل	اور جو	نازل کیا گیا	تمہاری طرف (تم پر)	سے	تمہارا رب	اور ضرور بڑھ جائے گی

تم (نہ) قائم کرو توریت اور انجیل اور جو تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے، اور ضرور بڑھ جائے گی

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى

كَثِيْرًا	مِّنْهُمْ	مَّآ اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	طُغْيَانًا	وَّكُفْرًا	فَلَا تَاْسَ	عَلَى
اکثر	اُن سے	جو نازل کیا گیا	آپکی طرف (آپ پر)	آپکے رب کی طرف سے	سرکشی	اور کفر	تو افسوس نہ کریں	پر

ان میں سے اکثر کی سرکشی اور کفر اس کی وجہ سے جو آپؐ پر آپؐ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے تو آپؐ افسوس نہ کریں (غم نہ کھائیں)

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِئُوْنَ وَ

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَالصّٰبِئُوْنَ	وَ
قوم کفار	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور جو لوگ	یہودی ہوئے	اور صابی	اور

قوم کفار پر - بیشک جو لوگ ایمان لائے، اور جو یہودی ہوئے، اور صابی (ستارہ پرست) اور

النَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ

النَّصٰرٰى	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	فَلَا خَوْفٌ
نصاریٰ	جو	ایمان لائے	اللہ پر	اور آخرت کے دن	اور اس نے عمل کئے	اچھے	تو کوئی خوف نہیں

نصاریٰ جو بھی ایمان لائے اللہ پر اور آخرت کے دن پر، اور اچھے عمل کرے تو کوئی خوف نہیں

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	لَقَدْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
ان پر	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے	بیشک	ہم نے لیا	پختہ عہد	بنی اسرائیل

اُن پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ بیشک ہم نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا

وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ۭ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ

وَاَرْسَلْنَا	اِلَيْهِمْ	رُسُلًا	كُلَّمَا	جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ	بِمَا	لَا تَهْوٰى	اَنْفُسُهُمْ
اور ہم نے بھیجے	ان کی طرف	رسول (جمع)	جب بھی	آیا انکے پاس	کوئی رسول	اسکے ساتھ جو	نہ چاہتے تھے	اُن کے دل

اور ہم نے اُن کی طرف رسول بھیجے، جب بھی اُن کے پاس کوئی رسولؑ آیا اُس (حکم) کے ساتھ جو اُن کے دل نہ چاہتے تھے

فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَ

فَرِيْقًا	كَذَّبُوْا	وَفَرِيْقًا	يَقْتُلُوْنَ	وَ	حَسِبُوْا	اَلَّا تَكُوْنَ	فِتْنَةٌ	فَعَمُوْا	وَ
ایک فریق	جھٹلایا	اور ایک فریق	قتل کر ڈالتے	اور	انہوں نے گمان کیا	کہ نہ ہوگی	کوئی خرابی	سو وہ اندھے ہوگئے	اور

تو ایک فریق کو جھٹلایا اور ایک فریق کو قتل کر ڈالتے، اور انہوں نے گمان کیا کہ کوئی خرابی نہ ہوگی سو وہ اندھے ہوگئے اور

صَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ

صَمُّوْا	ثُمَّ	تَابَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	ثُمَّ	عَمُوْا	وَصَمُّوْا	كَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	وَاللّٰهُ
بہرے ہوگئے	تو	توبہ قبول کی	اللہ	ان کی	پھر	اندھے ہوگئے	اور بہرے ہوگئے	اکثر	اُن سے	اور اللہ

بہرے ہو گئے، تو اللہ نے اُن کی توبہ قبول کی، پھر ان میں سے اکثر اندھے اور بہرے ہو گئے ، سو اللہ

بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٧١﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ

بَصِيْرٌ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	لَقَدْ كَفَرَ	الَّذِيْنَ قَالُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْمَسِيْحُ
دیکھ رہا ہے	جو	وہ کرتے ہیں	بیشک کافر ہوئے	وہ جنہوں نے کہا	تحقیق	اللہ	وہی	مسیحؑ

دیکھ رہا ہے جو وہ کرتے ہیں۔ بیشک وہ کافر ہوئے جنہوں نے کہا تحقیق اللہ وہی ہے مسیحؑ

ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ

ابْنُ مَرْيَمَ	وَقَالَ	الْمَسِيْحُ	يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	رَبِّيْ	وَ
ابن مریم	اور کہا	مسیحؑ	اے بنی اسرائیل	عبادت کرو	اللہ	میرا رب	اور

ابن مریمؑ ، اور مسیحؑ نے کہا اے بنی اسرائیل ! اللہ کی عبادت کرو جو میرا (بھی) رب ہے اور

رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ

رَبَّكُمْ	اِنَّهٗ	مَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَقَدْ حَرَّمَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِ	الْجَنَّةَ	وَمَاْوٰىهُ
تمہارا رب	بیشک وہ	جو	شریک ٹھہرائے	اللہ کا	تو تحقیق حرام کردی	اللہ	اس پر	جنّت	اور اس کا ٹھکانہ

تمہارا (بھی) رب ہے ، بیشک جو اللہ کا شریک ٹھہرائے تو تحقیق اللہ نے اس پر جنّت حرام کردی ہے اور اس کا ٹھکانا

النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿٧٢﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ

النَّارُ	وَمَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ	اَنْصَارٍ	لَقَدْ كَفَرَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ
دوزخ	اور نہیں	ظالموں کے لئے	کوئی	مددگار	البتہ کافر ہوئے	وہ لوگ جنہوں نے کہا		بیشک	اللہ

دوزخ ہے اور ظالموں کے لئے کوئی مددگار نہیں۔ البتہ وہ لوگ کافر ہوئے جنہوں نے کہا بے شک اللہ

ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا

ثَالِثُ	ثَلٰثَةٍ	وَ	مَا	مِنْ	اِلٰهٍ	اِلَّآ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	وَاِنْ	لَّمْ يَنْتَهُوْا	عَمَّا
تین کا	تیسرا (ایک)	اور نہیں		کوئی	معبود	سوائے	معبود	واحد	اور اگر	وہ باز نہ آئے	اس سے جو

تین میں کا ایک ہے۔ اور معبودِ واحد کے سوا کوئی معبود نہیں ، اور اگر وہ اس سے باز نہ آئے

وقف لازم

يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ

يَقُوْلُوْنَ	لَيَمَسَّنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ
وہ کہتے ہیں	ضرور پہنچے گا	جنہوں نے کفر کیا	ان سے	عذاب	دردناک	پس وہ کیوں توبہ نہیں کرتے

جو وہ کہتے ہیں تو ان میں سے جنہوں نے کفر کیا انہیں ضرور دردناک عذاب پہنچے گا ۔ اور وہ توبہ کیوں نہیں کرتے ؟

اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧٤﴾ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ

اِلَى اللّٰهِ	وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ	وَ	اللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	مَا	الْمَسِيْحُ	ابْنُ مَرْيَمَ
اللہ کی طرف (آگے)	اور اس سے بخشش مانگتے	اور	اللہ	بخشنے والا	مہربان	نہیں	مسیح ؑ	ابن مریم

اللہ کے آگے، اور اس سے (گناہوں کی) بخشش کیوں نہیں مانگتے؟ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ مسیح ؑ ابن مریم ؑ نہیں

اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ

اِلَّا	رَسُوْلٌ	قَدْ خَلَتْ	مِنْ قَبْلِهِ	الرُّسُلُ	وَاُمُّهٗ	صِدِّيْقَةٌ	كَانَا يَاْكُلٰنِ
مگر	رسول	گزر چکے	اس سے پہلے	رسول	اور اس کی ماں	صدیقہ (سچی۔ ولی)	وہ دونوں کھاتے تھے

مگر رسول (وہ صرف ایک رسول ہیں) اس سے پہلے رسول گزر چکے ہیں، اور اس کی ماں صدیقہ (سچی۔ ولی) ہیں، وہ دونوں

الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٧٥﴾

الطَّعَامَ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	نُبَيِّنُ	لَهُمُ	الْاٰيٰتِ	ثُمَّ	انْظُرْ	اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ
کھانا	دیکھو	کیسے	ہم بیان کرتے ہیں	انکے لئے	آیات (دلائل)	پھر	دیکھو	کہاں (کیسے)	اوندھے جا رہے ہیں

کھانا کھاتے تھے، دیکھو! ہم ان کے لئے کیسے دلائل بیان کرتے ہیں، پھر دیکھو یہ کیسے اوندھے جا رہے ہیں ؟

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ؕ وَاللّٰهُ

قُلْ	اَتَعْبُدُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مَا	لَا يَمْلِكُ	لَكُمْ	ضَرًّا	وَّلَا نَفْعًا	وَاللّٰهُ
کہدیں	کیا تم پوجتے ہو	سے	اللہ کے سوا	جو	مالک نہیں	تمہارے لئے	نقصان	اور نہ نفع	اور اللہ

کہدیں، کیا تم اللہ کے سوا اُسے پوجتے ہو؟ جو تمہارے لئے مالک نہیں کسی نقصان کا اور نہ نفع کا، اور اللہ

هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٦﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ

هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	قُلْ	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	لَا تَغْلُوْا	فِيْ	دِيْنِكُمْ	غَيْرَ الْحَقِّ
وہی	سُننے والا	جاننے والا	کہدیں	اے اہل کتاب	غلو (مبالغہ) نہ کرو	میں	اپنا دین	ناحق

ہی سُننے والا، جاننے والا ہے۔ کہہ دیں، اے اہل کتاب! اپنے دین میں ناحق مبالغہ نہ کرو

وَلَا تَتَّبِعُوٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا

وَ	لَا تَتَّبِعُوٓا	اَهْوَآءَ	قَوْمٍ	قَدْ ضَلُّوْا	مِنْ قَبْلُ	وَاَضَلُّوْا	كَثِيْرًا	وَضَلُّوْا
اور	نہ پیروی کرو	خواہشات	وہ لوگ	گمراہ ہو چکے	اس سے قبل	اور انہوں نے گمراہ کیا	بہت سے	اور بھٹک گئے

اور اُن لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کرو جو اس سے قبل گمراہ ہو چکے ہیں اور انہوں نے بہت سوں کو گمراہ کیا اور (خود بھی) بھٹک گئے

١٠ ع ١١ ١٤

عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٧٧﴾ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ

عَنْ	سَوَآءِ	السَّبِيْلِ	لُعِنَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ	بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ
سے	سیدھا	راستہ	لعنت کئے گئے (ملعون ہوئے)	جن لوگوں نے کفر کیا	سے	بنی اسرائیل

سیدھے راستہ سے - بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کیا وہ ملعون ہوئے

عَلٰی لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

عَلٰی	لِسَانِ	دَاوٗدَ	وَعِيْسَى	ابْنِ مَرْيَمَ	ذٰلِكَ	بِمَا	عَصَوْا	وَكَانُوْا
پر	زبان	داؤدؑ	اور عیسیٰؑ	ابن مریم	یہ	اس لئے کہ	انہوں نے نافرمانی کی	اور وہ تھے

داؤدؑ اور عیسیٰؑ ابن مریمؑ کی زبانی، یہ اس لئے کہ انہوں نے نافرمانی کی اور وہ

يَعْتَدُوْنَ ﴿٧٨﴾ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا

يَعْتَدُوْنَ	كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ	عَنْ	مُنْكَرٍ	فَعَلُوْهُ	لَبِئْسَ	مَا كَانُوْا
حد سے بڑھتے	ایک دوسرے کو نہ روکتے تھے	سے	بُرے کام	وہ کرتے تھے	البتہ بُرا ہے	جو وہ تھے

حد سے بڑھتے تھے۔ وہ ایک دوسرے کو بُرے کام سے جو وہ کر رہے تھے نہ روکتے تھے، البتہ بُرا ہے جو وہ

يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَرٰی كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ

يَفْعَلُوْنَ	تَرٰی	كَثِيْرًا	مِنْهُمْ	يَتَوَلَّوْنَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَبِئْسَ	مَا	قَدَّمَتْ
کرتے	آپؐ دیکھیں گے	اکثر	ان سے	دوستی کرتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	البتہ بُرا ہے	جو	آگے بھیجا

کرتے تھے - آپؐ دیکھیں گے ان میں سے اکثر کافروں سے دوستی کرتے ہیں، البتہ بُرا ہے جو آگے بھیجا

لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿٨٠﴾

لَهُمْ	اَنْفُسُهُمْ	اَنْ	سَخِطَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	وَ	فِي الْعَذَابِ	هُمْ	خٰلِدُوْنَ
اپنے لئے	اُن کی جانیں	کہ	غضب ناک ہوا اللہ	اُن پر	اور	عذاب میں	وہ	ہمیشہ رہنے والے

خود انہوں نے اپنے لئے کہ ان پر اللہ غضبناک ہوا، اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہنے والے ہیں۔

وَلَوۡ كَانُوۡا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِىِّ وَمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِ مَا اتَّخَذُوۡهُمۡ

اتَّخَذُوۡهُمۡ	مَا	اِلَيۡهِ	اُنۡزِلَ	وَمَا	وَالنَّبِىِّ	بِاللّٰهِ	كَانُوۡا يُؤۡمِنُوۡنَ	وَلَوۡ
انہیں بناتے	نہ	اس کی طرف	نازل کیا گیا	اور جو	اور رسول	اللہ پر	وہ ایمان لائے	اور اگر

اور اگر (کاش) وہ اللہ اور رسول پر ایمان لے آتے، اور اس پر جو اُس کی طرف نازل کیا گیا، تو اُنہیں

اَوۡلِيَآءَ وَلٰـكِنَّ كَثِيۡرًا مِّنۡهُمۡ فٰسِقُوۡنَ ۝۸۱ لَـتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً

عَدَاوَةً	النَّاسِ	اَشَدَّ	لَـتَجِدَنَّ	فٰسِقُوۡنَ	مِّنۡهُمۡ	كَثِيۡرًا	وَلٰـكِنَّ	اَوۡلِيَآءَ
دشمنی	لوگ	سب سے زیادہ	تم ضرور پاؤ گے	نافرمان	ان سے	اکثر	اور لیکن	دوست

دوست نہ بناتے لیکن ان میں سے اکثر نافرمان ہیں ۔ تم سب لوگوں سے زیادہ دشمن پاؤ گے

لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوا الۡيَهُوۡدَ وَالَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡا ‌ۚ وَلَـتَجِدَنَّ اَقۡرَبَهُمۡ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيۡنَ

لِّلَّذِيۡنَ	مَّوَدَّةً	اَقۡرَبَهُمۡ	وَلَـتَجِدَنَّ	وَالَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡا	الۡيَهُوۡدَ	اٰمَنُوا	لِّلَّذِيۡنَ
ان کے لئے جو	دوستی	سب سے زیادہ قریب	اور البتہ ضرور پاؤ گے	اور جن لوگوں نے شرک کیا	یہود		اہل ایمان (مسلمانوں) کے لئے

اہل ایمان (مسلمانوں) کا یہود کو اور مشرکوں کو، اور البتہ تم مسلمانوں کے لئے دوستی میں سب سے قریب پاؤ گے

اٰمَنُوا الَّذِيۡنَ قَالُوۡۤا اِنَّا نَصٰرٰى‌ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنۡهُمۡ قِسِّيۡسِيۡنَ

قِسِّيۡسِيۡنَ	مِنۡهُمۡ	بِاَنَّ	ذٰلِكَ	نَصٰرٰى	اِنَّا	الَّذِيۡنَ قَالُوۡۤا	اٰمَنُوا
عالم	ان سے	اس لئے کہ	یہ	نصاریٰ	ہم	جن لوگوں نے کہا	ایمان لائے (مسلمان)

(ان لوگوں کو) جن لوگوں نے کہا ہم نصاریٰ ہیں، یہ اس لئے کہ ان میں عالم

وَرُهۡبَانًا وَّاَنَّهُمۡ لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ۝۸۲

لَا يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ	وَّاَنَّهُمۡ	وَرُهۡبَانًا
تکبر نہیں کرتے	اور یہ کہ وہ	اور درویش

اور درویش ہیں، اور یہ کہ وہ تکبر نہیں کرتے۔